بل پر تو بحث ہوگی بعد میں، لیکن جناب والا! ابھی بات یہ ہے کہ جو طریقہ کار، جو طریقہ واردات، جو ٹوپی ڈرامہ اس نواز شریف بل کو پاس کرانے کے لئے خود نواز شریف یہاں پر کھیلنا چاہتا ہے، وہ یہ ہے کہ وہ تمام norms، وہ تمام طریقہ کار، وہ تمام قانونی ذرائع جو Constitution میں طے پائے ہیں ان کو نظرانداز کرکے نواز شریف extra Constitutional steps اختیار کرناچاہتا ہے جن سے قوم divide ہو۔ ملک میں پہلے ہی انارکی جیسی situation ہے، مزید اس پر گند ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

جناب والا! جب آئین موجود ہے، ایک طریقہ کار موجود ہے، دنیا کے جتنے آئین ہیں، کوئی دنیا کا آئین ایسا نہیں جس میں طریقہ کار موجود نہیں، جب ایک طریقہ کار موجود ہے تو کیا یہ قوم کے ساتھ زیادتی نہیں ہے کہ جہاں پر ان کی majority ہو تو وہاں پر قومی اسمبلی سے پاس کرا لیا جائے اور جہاں پر یہ سمجھا جائے کہ سینٹ میں ان کو problem درپیش ہے، یہاں ان کا بل پاس نہیں ہوسکتا، یہاں ان کی آمریت پر دستخط نہیں ہوں گے اور یہاں پر ایک شخص کی ملوکیت کو تسلیم نہیں کیا جائے گا تو یہ threat دی جائے کہ ان سے نپٹ لیا جائے گا۔ جناب والا! دنیا کے کون سے آئین میں یہ طریقہ کار موجود ہے۔ کون سا وزیر اعظم اس طرح ترمیم کرتا ہے۔ دنیا کی مجھے ایک بھی مثال دیں، کسی مہذب ملک کی۔ کسی جمہوری ملک کا کوئی حوالہ دوسری جانب سے دیا جاسکتا ہے کہ وہاں پر وزیر اعظم نے ایسے ہتھیار اور ہتھکنڈے یا ذرائع استعمال کئے جن کا مقصد ایک آئینی ترمیم لانا ہو تو پھر یہاں پر اس کو رواج دے دیا جائے۔ لیکن اگر یہاں پر Parliamentary practice میں اس قسم کی traditions کو، اس قسم کی روایات کو جنم دیا گیا تو جناب والا! ملک میں آئین کی بالادستی کا تصور ختم ہو جائے گا۔ آئندہ بھی ایسے ہی طریقہ کار اختیار کئے جائیں گے۔

آپ نے ازراہ مذاق اس کو لیا تھا۔ آپ کو یاد ہے جب یہاں پر نواز شریف اور فاروق لغاری کا گٹھ جوڑ ہوا، ہماری حکومت ختم کردی گئی، ایک نگران حکومت معرض وجود میں آئی تو میں نے یہاں سینٹ میں کہا تھا کہ جناب چیئرمین! اپنی کرسی کی حفاظت کریں۔ یہاں پر سینٹ کو ختم کرنے کے لئے سازشیں کی جا رہی ہیں۔ ایک سے زیادہ دفعہ on the floor of this House میں جناب چیئرمین ! یہ بات آپ کے علم میں لے کر آیا ۔ میں تمام ممبران کے علم میں یہ لایا کہ یہ سینٹ کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔

جناب والا! نواز شریف نے جو آج step لیا ہے ' یہ کوئی مائی کا لال نہیں کر سکتا ' ہمارے بھی دو ہاتھ اور پاؤں ہیں ' ہم ایسے ہی elect ہو کر نہیں آ گئے۔ ہمارے اوپر بھی پبلک کا پریشر ہے۔ ہم نے بھی گلیوں اور محلوں کی سیاست کی ہے ' کوئی مائی کا لال ہمیں ہاتھ لگا کر رات کو کسی محل میں سو نہیں سکتا۔ یہ سارے ممبر کاغذ کے بنے ہوئے نہیں ہیں۔ یہ سارے اپنے اپنے علاقوں میں ایک institution کی حیثیت رکھتے ہیں ' ان کو بھی وہاں کی حمایت حاصل ہے۔

جناب والا! اس بات کا خطرہ سینٹ کے ممبران کو نہیں کہ کسی جانب سے ان پر attack کرایا جائے گا۔ اگر one to one game چلتی ہے تو یہ کسی جانب بھی جا سکتی ہے ۔ اللہ نہ کرے ملک پر وہ وقت آئے۔ یہاں پر یہ جو سب کچھ کیا جا رہا ہے اس کا مقصد ایک طرف تو نواز شریف بل پاس کرانا ہے اور دوسری طرف اس ملک میں سینٹ کو ختم کرنا ہے۔ مجھے آج ایک دوست نے بتایا کہ اس قسم کی rumour مختلف حلقوں میں uproar کی جا رہی ہے ۔

**جناب چیئرمین۔** بدر صاحب ! سینٹ کو ختم کرنے کے لئے 2/3rd majority چاہیئے تو آپ کو اس کی فکر نہیں ہونی چاہیئے ۔

**جناب جہانگیر بدر۔** جناب چیئرمین ! میں آپ سے بحث نہیں کرنا چاہتا ۔ آپ نے legal procedure بالکل ٹھیک بتایا ہے اور میرا بھی یہی point of view ہے ۔ میں تو ان کے ارادوں کی بات کر رہا ہوں ۔ میں تو ان کے motives بتا رہا ہوں کہ وہ اس ملک میں کیا چاہتے ہیں۔ آپ نے جس procedure کا ذکر کیا ہے تو آپ وزیر اعظم صاحب کو کیوں نہیں کہتے کہ وہ بھی اسی procedure کو اختیار کرے۔ جناب! وہ تو عوام کو کہہ رہے ہیں کہ ان کی ٹانگیں توڑ دو۔ ان کو گھروں سے نکال لو ' ان کے اوپر pressure ڈالو۔ ان کو مجبور کرو۔

جناب والا! اس کے لئے دستور میں ایک طریقہ بتایا گیا ہے جو کہ ریفرنڈم کا ہے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، ریفرنڈم سے بھی نہیں ہو گا۔

Referendum will not be able to amend the Constitution.

جناب جہانگیر بدر۔ جناب والا! میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر کوئی آدمی اپنی power دکھانا چاہتا ہے کہ اس کو عوام کی حمایت حاصل ہے on any issue he can go for referendum تو پھر یہ کیا جا سکتا ہے۔

Mr. Chairman: Only to get the opinion of the people.

جناب جہانگیر بدر۔ پھر آپ مجھ سے اتفاق کر رہے ہیں۔ اس لئے میں یہ نہیں کہتا۔ میں آپ سے یہ کہہ رہا ہوں کہ he should adopt constitutional طریقہ کار۔ اگر کوئی طریقہ کار اپنی طرز کا اختیار کیا گیا تو یہ ملک میں anarchy کو جنم دے گا

جناب چیئرمین۔ بہر حال یہ تو جنرل باتیں ہیں۔ بنیادی طور پر آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ statement ایک threat ہے اور اس لئے breach of privilege بنتی ہے۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب والا! یہ ایک threat ہے۔ دوسری بات سینٹ کو ختم کرنا ہے، خواہ اس کے لئے آپ طریقہ کار کوئی بھی بتائیں لیکن ultimately اس ملک میں اس قسم کی aristocracy قائم کرنا ہے جس میں

گلیاں ہو جاون سنجیاں وچ مرزا یار پھرے

جس کا مقصد یہ ہو کہ accumulation of powers to one person. ملک میں ملوکیت قائم کرنا ہے۔ اس قسم کے یہاں پر بل پیش کئے جا رہے ہیں جن کا اسلام کے ساتھ کوئی تعلق اور واسطہ نہیں ہے۔ اسلام ملوکیت کی نفی کرتا ہے۔ اسلام شخصی حکومت کی نفی کرتا ہے۔

جناب والا! اگر یہاں پر اس قسم کے ہتھکنڈے حکومت کی طرف سے استعمال کئے گئے تو یہ جمہوریت کے لئے خطرناک ہیں، اس ملک کے future کے لئے خطرناک ہیں۔ یہ صوبوں کی unity کے لئے خطرناک ہیں اور یہ خود پارلیمانی نظام کے لئے خطرناک ہیں۔ نواز شریف اور پاکستان جو اس کے ارادے ہیں، under the circumstances, لگتا یوں ہے کہ یہ اکٹھے نہیں چل سکتے۔ اس لئے جناب چیئرمین! میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ کوئی نئی تیاری کریں جس

سے ان سے چھٹکارہ حاصل ہو سکے۔ شکریہ۔ مہربانی۔

**جناب چیئرمین۔** آپ ایسی بات کریں جو constitution کے مطابق چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے دستور کے مطابق بات کریں۔

**جناب جہانگیر بدر۔** جناب والا! میں اس کا بھی جواب دیتا ہوں۔ اگر unconstitutional measures دوسری جانب سے آئیں تو unconstitutional measures سے گورنمنٹ بھی جاسکتی ہے۔

**جناب چیئرمین:** نہیں، I don't think.

(مداخلت)

**جناب جہانگیر بدر:** جناب والا! فرانس میں انقلاب آیا۔ آپ انقلاب لانا چاہتے ہیں۔ شہنشاہ ایران ختم ہوا۔ چائنا میں انقلاب آیا۔ آپ کون کون سے انقلاب کو ختم کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** بہرحال یہ آپ کا نقطہ نظر ہے۔ I don't believe it.

**جناب جہانگیر بدر:** جناب! میں تو انقلابات کی بات کر رہا ہوں۔ When I talk of the extra-constitutional measures تو میں revolution کی بات کرتا ہوں۔ میں law of nature کی بات کرتا ہوں۔ میں قانون قدرت کی بات کرتا ہوں۔ کوئی قانون قدرت کا راستہ نہیں روک سکتا۔

**جناب چیئرمین:** جب آپ نے constitution accept کر لیا ہے تو پھر انقلاب کی کوئی گنجائش نہیں اس میں۔

**جناب جہانگیر بدر:** جناب والا! آپ چلتی ہواؤں، آنے والے طوفانوں کو نہیں روک سکتے۔ وہ آسکتے ہیں۔ دنیا کی تاریخوں میں سب جگہوں پر آئے ہیں۔ نہ آپ کی خواہش روک سکتی ہے نہ خود نوازشریف روک سکتا ہے۔ یہ ملک کسی کے باپ کی جاگیر نہیں ہے۔ نہ نواز شریف کے باپ دادا کی جاگیر ہے نہ کسی اور کے باپ دادا کی جاگیر ہے۔ یہ ملک عوام کا ہے۔ آپ کو یہ حق عوام کو دینا ہو گا کہ وہ اپنی مرضی سے جس کسی کو چاہیں، جس قسم کا نظام چاہیں لا سکتے ہیں۔ یہاں پر اپنی مرضی کے بلوں کو شریعت کا نام نہیں دیا جاسکتا اور نہ ہی unconstitutional

طریقے سے ایسی force develop کی جا سکتی ہے جس کا مقصد ڈرانا ہو۔ کوئی بندہ کسی کو نہیں ڈرا سکتا۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ - چلیں ٹھیک ہے۔ آپ انقلابی آدمی ہیں۔ ایک طرف آپ یہ کہہ رہے ہیں دوسری طرف کچھ اور۔ جناب صفدر عباسی صاحب! فرمائیے۔

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی:** جناب! گو کہ آپ نے کئی دفعہ یہ rule پڑھا ہو گا لیکن میں صرف آپ کی توجہ کے لئے پڑھ رہا ہوں۔ یہ Rule 60 privilege motion کے تحت move ہوئی ہے اور the breach of privilege جب بھی کوئی ممبر اٹھائے تو یہ تین قسم کی ہوتی ہیں' which involves a member, which involves a committee or which involves the entire Senate. جناب! یہاں پر ہم نے گزشتہ چار سال میں یہ دیکھا ہے کہ frivolous matters پر بھی privilege motions move ہوئی ہیں - Individual member نے کسی وقت بھی move کی ہیں۔ FIA کے آدمی نے تنگ کیا ہے۔ کسی کو Airport Security Force کے آدمی نے تنگ کیا۔ کسی کو کسی آفیسر نے تنگ کیا - تقریباً وہ ساری privilege motions ایسی ہی ہیں۔ وہ اکثر و بیشتر admit ہوتی ہیں اور privileges committee کو refer ہو جاتی ہیں۔ یہاں پر میں آپ کی توجہ کے لئے عرض کرنا چاہوں گا کہ جو privilege motion move ہوئی ہے' وہ بہت serious نوعیت کی اس لئے بنتی ہے becausethat involves the privilege of the Senate itself. اس میں جناب کوئی بھی ہو۔ ایک عام آدمی ہو ' Senate کا ایک individual member ہو یا چاہے اس ملک کا وزیراعظم ہو۔

محترم جناب میاں نواز شریف صاحب اس ملک کے وزیراعظم ہیں لیکن وہ جو باتیں کر رہے ہیں ان کو ہم نے یہاں پر point out کیا آپ کے سامنے اور that constitutes the breach of privilege of the Senate. ہم بار بار عرض کر رہے ہیں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ مجھے ایسے محسوس ہو رہا ہے کہ آپ اپنا mind کسی ایک side پر بنا کر بیٹھ گئے ہیں۔ میںآپ سے یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ جناب! یہاں پر پورے ہاؤس کی breach constitute ہو رہی ہے۔ میں اس سلسلے میں اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ محترم میاں نواز شریف صاحب اس وقت کس mind set میں ہیں۔ ان کا دماغ کیا سوچ رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب انسان

کوئی بات کرتا ہے، کسی ادارے کے خلاف بات کرتا ہے ، کسی institution کو ختم کرنے کی بات کرتا ہے، کسی institution کے rules کو کسی نہ کسی طور پر توڑ موڑ کر پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کا mind set ہوتا ہے۔

اس وقت میاں محمد نواز شریف ، ملک کے وزیراعظم اس mind set میں ہیں کہ کوئی ادارہ، کوئی انسان جو کسی جگہ پر بیٹھا ہو، ان کو پسند نہیں آ رہا کہ وہ کوئی بھی ایسی بات کرے جو ان کی منشا کے خلاف ہو ، چاہے وہ Presidency ہو، چاہے وہ former Chief Justice ہو ، چاہے وہ Army Chief ہو ۔ یہ سارے Constitutional institutions ہیں ۔ ساری Constitutional posts ہیں۔ کسی بھی constitutional post کو جو ان کی منشا اور مرضی کے مطابق نہیں ، وہ اسے تباہ کرنے کے در پہ ہیں۔ یہ breach constitute ہو رہا ہے سینٹ کا ۔ جناب! میں آپ کو تھوڑا سا پیچھے لے جاؤں گا۔

**جناب چیئرمین:** پیچھے جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ جو issue ہمارے سامنے ہے وہ ہے اس statement کا۔ آپ اسپوائنٹ پر آئیں ۔ دیکھیں ، اس وقت کافی تفصیل سے بات ہو چکی ہے۔ اور items بھی ہیں agenda پر۔

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی:** جناب! میں اس پوائنٹ پر آ رہا ہوں۔ جناب! میں نے اس پوائنٹ کے خلاف کوئی ایسی بات نہیں کی۔ دیکھیں جناب! آپ مجھے موقع نہیں دیتے لیکن آپ میرا پورا record اٹھا کر دیکھ لیں کہ جب بھی آپ مجھے موقع دیتے ہیں میں ہمیشہ پوائنٹ پر بات کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** I know but آپ کہتے ہیں کہ history بیان کروں گا تو history میں کیا بیان کریں گے؟

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی:** جناب! میں تھوڑا پیچھے جا رہا ہوں۔ پیچھے بھی نہیں جا رہا بلکہ کچھ اداروں کے متعلق کچھ کہنا چاہ رہا ہوں کہ جناب! اور ادارے کیا کر رہے ہیں ؛ judiciary اپنے contempt کو کس طرح دیکھ رہی ہے ؟ لاہور ہائی کورٹ میں کیا ہو رہا ہے؟

**جناب چیئرمین:** یہ relevant نہیں ہے۔

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی** ، یہ اداروں کی بات ہے سر۔ ہم آپ سے سینٹ کا تحفظ

چاہ رہے ہیں۔ سر، میں اس ادارے کے تحفظ کی بات کر رہا ہوں۔ آپ بات سنیں۔

جناب چیئرمین: نہیں، آپ بات کر رہے ہیں judiciary کی۔ آپ بات کر رہے ہیں پریس کی۔ میں بات کر رہا ہوں اس موشن کی۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: میں یہ بات کر رہا ہوں کہ judiciary اپنے contempt کو کس طرح دیکھ رہی ہے۔ Sir, this is the contempt of the Senate. ہم دیکھنا چاہ رہے ہیں ہمارا چیئرمین اس سینیٹ کے contempt کو کس طرح روکتا ہے۔ شریعت بل اپنی جگہ، شریعت کے بارے میں میاں نواز شریف کی interpretation اپنی جگہ، ہم اس کی مخالفت کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔

لیکن ہم آپ سے جو درخواست کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ جس طرح اور ادارے اپنے contempt کو دیکھ رہے ہیں، جس طرح اور ادارے وزیر اعظم کو بلا رہے ہیں، وہاں پر وزیر اعظم حاضر ہوتے ہیں، apology دیتے ہیں لیکن یہ ہاؤس جس کے وہ leader ہیں، اس میں وہ آنا گوارا نہیں کر رہے۔ صرف explanation کے لئے، صرف یہ کہنے کے لئے کہ میں نے یہ بات نہیں کی۔ کیا ان کے پیر گھس جائیں گے؟ کیا ان کی خوبصورتی ختم ہو جائے گی؟ جب ہم آپ سے اپیل کر رہے ہیں کہ آپ ان کو بلائیں تو آپ بھی ان کو protect کر رہے ہیں۔

دو پوائنٹ جناب۔ پہلا پوائنٹ میرا یہ ہے کہ یہ breach of privilege پورے ہاؤس کی ہے، individual کی نہیں ہے۔ دوسری بات کہ وہ Leader of the House ہیں، وہ یا تو خود آئیں، آ کے کہیں، نثار محمد خان صاحب کیوں کہیں ۔ Why should a Senator speak on Prime Minister's behalf.

**Mr. Chairman** : No, he is saying that he was present there.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: نہیں جناب! میں تسلیم نہیں کرتا۔

**Mr. Chairman**: You may not accept but I have to take into account. He said that he was present there, how can I ignor it.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: کبھی آپ ہماری بات مانیں گے۔

جناب چیئرمین، ضرور مانوں گا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ، نہیں مانیں گے آپ۔ میں کہہ رہا ہوں آپ نہیں مانیں گے۔

Mr. Chairman: I give weight to the statement of the senator .

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ، جناب! میں کہہ رہا ہوں کہ کیا آپ نے رضا ربانی صاحب کی بات مانی تھی؟

جناب چیئرمین، کونسی والی؟

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ، جب ان کو لاٹھیاں پڑیں۔

جناب چیئرمین، ہاں، میں نے بات مانی تھی۔

میاں رضا ربانی ، نہیں۔ I made a statement here to take the version of the government, you kindly take the record out, I am on record.

جناب چیئرمین ، سنیں تو سہی کہ میں کیا کہنا چاہ رہا ہوں۔ If let us say, you give one version, a senator here gives another version, then I have a problem کہ بھئی کونسی صحیح ہے۔

(مداخلت)

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ، سر، خدا کا خوف کریں۔ You are a learned barrister, میں جب آپ سے یہ بات کرتا ہوں تو کیوں کرتا ہوں۔ آپ ناراض ہو جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین ، اس لئے کہ آپ جوان ہیں۔ آپ کا خون جوش مارتا ہے۔ اس لئے کرتے ہیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ، نہیں مارتا۔ نہیں مارے گا ۔ اگر آپ انصاف کریں گے تو خون جوش نہیں مارے گا۔ سر، میں respect کی بات کرتا ہوں۔ Respect is commanded. جب آپ respect مجھ سے command کریں گے، خدا کی قسم آپ میرے بڑے ہیں-----

Mr. Chairman : I do not want to command from you.

جناب صفدر علی عباسی : لیکن بڑے ہونے کے ناطے ، عمر میں بڑے ہونے کے ناطے ، اس چیئر پر آ بیٹھے ہیں ، وہ respect ضرور ہے آپ کی۔ گھر میں کوئی بڑا ہو گا، باپ ہو گا، ماں ہو گی۔ جب وہ میری respect کریں گے، میرے ساتھ انصاف کریں گے تو میں ان کی respect کروں گا۔ آپ میرے ساتھ justice کریں گے تو میں آپ کی respect کروں گا۔ لیکن میں بات کر رہا ہوں کہ میاں صاحب کیا کہہ رہے ہیں۔ جب ہم بات کرتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ میں وہی consider کروں گا جو میرے سامنے ہے۔

یہ غالباً پہلی ستمبر تھی، میاں نواز شریف نے اسمبلی میں بل introduce کیا اور وہ گئے علماء کنونشن میں اور وہاں جا کے انہوں نے یہی باتیں کیں۔ ہم نے کہا کہ وزیر اعظم ہیں ، کوئی ایسی بات نہیں کہ ہم ہر بات پر اپنا privilege لے کر بیٹھ جائیں۔ پھر مسلسل دو مہینے سے ان کی campaign چل رہی ہے، ایک consistent campaign چل رہی ہے۔ یہ جو privilege motion آپ کے سامنے آیا ہے ، یہ اس وقت آتا ہے جب وہ سوات میں تقریر کرتے ہیں ، جو آپ کے سامنے ہے ، میں اس کو پڑھنا نہیں چاہتا۔ لیکن Prime Minister knows that the Senate has seized of this matter, the Senate is considering the question of breach of privilege against the Prime Minister himself.

But what does he do,sir ? He goes to aiwan-e- Iqbal,

بہت سی باتیں ہوئی ہیں۔ ایوان اقبال میں جاتے ہیں اور کیا کہتے ہیں۔ ذرا غور سے پڑھیں۔ میں آپ سے عرض کروں گا ہمیں اس بات پر مجبور نہ کریں کہ ہر بات پر جو وہ کریں ، ہم نئی privilege motiom move کریں۔ میں آپ سے request کروں گا کہ ان کا آج کا بیان پہلی پریویلج موشن کی بات کو واضح کرتا ہے، clear کرتا ہے کہ سینٹ کے بارے میں ان کے کیا خیالات ہیں۔ This is a recurring loss. He is continued to bring this House into dispute, میری بات نہیں، وہ کر رہا ہے ، اس تمام ادارے کی بات کر رہا ہے بشمول وہ حضرات جو ان بینچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں ،جو اس سینٹ کے وزیر ہیں اور گورنمنٹ میں بیٹھے ہیں ، کیبنٹ میں بیٹھے ہیں ، ان کا بھی contempt ہو رہا ہے۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں اگر آپ مجھے دو منٹ دیں۔

Prime Minister Mian Nawaz Sharif has said that the Senate has no right to block the passage of the Shariah Bill. We have got every right to block the passage of the bill, every right and we are going to block the passage of the Shariah Bill.

میں ان کا mind آپ کو جا رہا تھا۔یہ ان کا mind ہے۔ان کے نزدیک میری اور آپ کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔نہ آپ کی کوئی حیثیت ہے نہ میری کوئی حیثیت ہے۔جس طرح مجھے وہ contempt میں دیکھتا ہے ، اسی طرح آپ کو contempt میں دیکھتا ہے by saying this he has just not constitute my contempt, he is holding you in contempt. اگر آپ ایکشن نہیں لیتے ، نہ لیں۔ Let the House go to جہاں بھی چلتا ہے ، چلتا جائے ۔ Being the Custodian of the House میں آپ سے کہہ رہا ہوں ۔ Mian Nawaz Sharif is not holding anybody of us under contempt, he is holding you under contempt. آگے کیا کہتے ہیں۔

Mr. Chairman: No, but when you say it to me

کہ آپ یہاں سے اٹھ جائیں تو وہ کیا ہوتا ہے ۔ Is that contempt or not? When you say it in front of me and they say وہ اخبار پر اعتراض کرتے ہیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔آپ کے پاس اختیار ہے کہ مجھے کہیں کہ میں نکل جاؤں ۔ میں اٹھوں گا اور باہر چلا جاؤں گا۔

جناب چیئرمین۔ نہیں ، نہیں ۔ میں نہیں کہوں گا۔ میں کوئی ایسا اختیار استعمال نہیں کروں گا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ آپ کو اختیار ہے ۔ آپ مجھے کہیں گے ۔جس دن آپ مجھے کہیں گے۔صفدر عباسی

You are intolerable, please leave the House.

Mr. Chairman: No, no. I would not say so.

Dr. Safdar Ali Abbasi: By God, I am telling you .....

Mr. Chairman: I would only say Safdar Sahib, it is against the rules.

کا خیال رکھیں۔ میں یہی کہوں گا، بس اتنا کہوں گا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ میں نے سینٹ کو کوئی گالی نہیں دی۔ میں سینٹ کا ممبر ہوں ۔ میں نے قومی اسمبلی کو کوئی گالی نہیں دی۔ آخر قومی اسمبلی میں ہم minority میں ہیں۔ جناب ! ہمارے ۱۸ ممبر تھے۔ بیچارے ۱۸ ممبرز کی tiny اپوزیشن تھی۔ کیوں آج ۴۸ یا ۲۵ ممبرز ہو گئے ہیں۔ یہاں پر ۱۸ ممبرز کی اپوزیشن تھی۔ کیوں یہ بڑھ کر آپ کو میجارٹی نظر آ رہی ہے ۔ ان کے رویوں کی وجہ سے، ان کی آمرانہ ذہنیت کی وجہ سے، ان کے کرتوتوں کی وجہ سے، وہ کسی کو برداشت کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ کل تک ایم کیو ایم ان کی دوست تھی۔ آج ایم کیو ایم چھوڑ گئی تو وہ terrorist ہوگئی کل تک بگٹی صاحب ان کے allies تھے، آج چھوڑ گئے۔ ان پر اتنے الزامات، اتنی بڑی چارج شیٹ اور اتنا خطرناک الزام ہے جس کی کوئی انتہا نہیں ۔ جناب یہ کیا طریقہ کار ہے؟

Are we going to run this parliament like this? Does Mian Nawaz Sharif think that he is a prophet? Is he a God? No, sir.

Mr. Chairman: So, I think

آپ نے privilege motion پر بات ختم کر لی ہے ۔ اب آپ general بات کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ آپ continuously دیکھیں۔ میرے پاس دو اخبارات ہیں ۔ میرے پاس اخباروں کے دو editorials ہیں جو میرے point of view کو support کرتے ہیں۔ وہ بھی آپ کو سننے پڑیں گے۔۔۔

جناب چیئرمین۔ سنائیں ، سنائیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب میں سنا رہا ہوں۔۔۔

جناب چیئرمین۔ general تقریر تو شروع نہ کر دیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ بعض general الفاظ آتے ہیں۔ کچھ الفاظ آئیں گے۔

جناب چیئرمین۔دوسرے جو آج آپ کہہ رہے ہیں کہ آپ کی insult نہیں ہونی چاہیے۔ ہاؤس کا وقار قائم ہونا چاہیئے ۔میں آپ سے درخواست کروں گا کہ یہ پابندی اپنے اوپر بھی نافذ کرلیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ کبھی تو آرام سے سن لیا کریں۔ جناب! یہ "Nation" ہے اور انہوں نے وہاں پر مجید نظامی صاحب کو گواہ بنایا۔ ان کا اخبار "Nation" کیا کہہ رہا ہے :

The Prime Minister who sounded second warning to Senate in a week. The 'Nation' is endorsing what we are saying that in a week Prime Minister has privilege motion sounded a second warning to the Senate. First being a flop

آپ کے سامنے ہے

where he ask the people to take care of the senators. Sir, we can take care of ourselves. What care he wants to take about. We can take care of ourselves.

ہمارا تھوڑا بہت background ہے۔ آگے جناب!

where he ask the people to take care of senators opposing the Shariah Bill. Nawaz Sharif said, he honestly wanted .......

ہاں جناب! بڑی دلچسپ بات اسی ایوان اقبال میں اسی بارے میں کہی کہ علامہ اقبال کیا فرماتے ہیں ۔ کاش ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب آج موجود ہوتے اور میں ان سے پوچھتا ، ان کو میں گواہ بناتا کہ کیا کسی بھی سٹیج پر علامہ محمد اقبال مفکر پاکستان نے، جنہوں نے اس ملک کا نظریہ دیا، کبھی اس قسم کے نظریات کا اظہار کیا تھا جو آج نواز شریف صاحب کر رہے ہیں اور وہ بیٹھ کر کہہ رہے ہیں کہ اقبال کے یہ نظریات ہیں ۔ اسی ایوان اقبال میں جناب ! اسی ایوان میں علامہ اقبال اجماع کے بارے میں کیا کہہ رہے ہیں ---

جناب چیئرمین۔میں عرض کروں آپ سے کہ اجماع پر بڑی لمبی بحث ہے ۔ اس کو چھوڑیں آپ ، اگلے پر چلیں انشاء اللہ اس پر موقع آئے گا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ۔ بالکل جناب ! اگلے پر چلیں ۔ ڈاکٹر اسرار احمد صاحب ---

جناب چیئرمین۔پھر وہی ؟

ڈاکٹر صفدر علی عباسی - نہیں جناب ! میں کہہ رہا ہوں کہ اس کا وزیر اعظم جواب کیا دیتے ہیں۔

**Mr. Chairman:** The only important relevant issue is

کہ یہ وزیر اعظم کی سٹیٹمنٹ ہے - اس کے کیا اثرات ہیں - اسرار صاحب یا اور کسی نے کیا کہا ہے اس سے تعلق نہیں -

ڈاکٹر صفدر علی عباسی - جناب! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ وہ مسلسل violation کر رہے ہیں - جو آپ کے بارے میں وہ الفاظ ادا کررہے ہیں وہ میں بیان کر رہا ہوں -

جناب چیئرمین۔میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ اور items بھی ایجنڈے پر ہیں اور لوگ چاہتے ہیں کہ وہ بھی آئیں -

ڈاکٹر صفدر علی عباسی - میں بالکل ان سے متفق ہوں - وہ بھی آئیں گے - بس پانچ منٹ اور لوں گا۔ جناب! ہم ڈاکٹر اسرار احمد کے بارے میں بہت سی باتیں کرتے ہیں لیکن what he is saying وزیر اعظم کے بارے میں -

جناب چیئرمین۔جی ہاں -

**Dr. Safdar Ali Abbasi:** Dr. Israr Ahmed called upon the Prime Minister to evolve a consensus over the Shariat Bill. He said, at present the Shariat Bill was quite different from what was shown to him by the Prime Minister. A lot of vibrations have been reflected in to it, rendering it undemocratic. He asked the Prime Minister to abstain from holding refrendum on Shariat Bill. As it would deprive the provinces of the right to give inputs thereby creating a further sense of deprivation. He said already appointment of a ' Punjabi' President had created a lot of resentment among the smaller provinces. He said that Prime Minister should show the same flexibility on Shariat as was demonstrated by Z.A. Bhutto in the

time of 1973 Constitution.

ڈاکٹر اسرار نے اپنے طور پر کچھ باتیں کیں ۔ ہم ان سے متفق ہوں یا اتفاق نہ کریں ۔ پرائم منسٹر اس کا کیا جواب دیتے ہیں ۔ وزیر اعظم جواب یہ دیتے ہیں۔

Some say Holy prophet was a dictator. One politician set aside the Shariat Bill and asked me to introduce a bill of provincial autonomy first. Nawaz said while referring to Dr. Israr , as to consensus on Shariat Bill.

میں بنیادی بات کر رہا تھا کہ اس کو سینٹ نے consider کرنا ہے ۔ اگر وہ بل پاس کرنا نہیں چاہتے، اگر سینٹ کے ممبران اس وقت ان کی proposal سے متفق نہیں ہیں تو اتفاق رائے تو انہوں نے built کرنا ہے ۔ لیکن اتفاق رائے کے بارے میں ان کے خیالات جاننا چاہتے ہیں۔

What consensus are you talking about. Are they people good enough for consensus.

ہم اس قابل بھی نہیں رہے کہ ہم سے وہ بات ہی کر لیں ۔ ہمیں کچھ سمجھ ہی لیں کہ یہ ممبرز ہیں ۔ ٹھیک ہے آپ نے کیں ۔ ہم اب بھی سمجھتے ہیں کہ آپ کا بل اس بنیادی جمہوری بات پر پورا نہیں اترتا ۔ اس کو بھی ہم نے خراب کردیا ۔ آپ شریعت کے متعلق بات کرتے ہیں ۔ آپ پاور ساری گورنمنٹ کو دے دیں ۔

جناب چیئرمین! میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ کا صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جا رہا ہے۔ میں آخر میں آپ سے عرض کروں گا keeping in view that this constitutes a breach of privilege of the entire House which is a very grave preposition considering that Article 239 provides a set mechanism of amendment to the Constitution which the Prime Minister is not accepting.

ہاؤس کو یاد رکھنا چاہیے کہ یہی ہاؤس تھا اور تیرہویں Amendment پر، چودھویں Amendment پر، اس نے consensus سے ان کی powers بڑھائیں ۔ تو اس ہاؤس کو یہ بھی اعتراض نہیں ہے کہ ان کی powers بڑھیں ۔ لیکن جناب! بات انصاف کی بنیاد پر ہو گی، حق کی بنیاد پر ہو گی ، تبھی کوئی چیز آگے چلے گی ۔ ورنہ ہم آپ کو بتا دیں کہ پرائم منسٹر دس دفعہ کوشش کر لے ، یہ شریعت بل جو وہ لانا چاہ رہے ہیں اور جس کی بنیاد پر وہ ہمیں دھمکیاں دے رہے ہیں ،

ہم انشا اللہ اس کو پاس نہیں ہونے دیں گے ۔ شکریہ ۔

**جناب چیئرمین** ۔ جناب خدائے نور صاحب ۔

**جناب خدائے نور** ۔ میں آپ کا ایک منٹ سے زیادہ نہیں لوں گا ۔ یہاں آج کے اخبار کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرائی گئی جس میں میاں صاحب نے نواب اکبر خان بگٹی کے بارے میں کچھ ایسے الفاظ استعمال کیے ہیں۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں ۔۔۔

**جناب چیئرمین**۔ نہیں، انہوں نے کوئی ایسی بات نہیں کی ۔

**جناب خدائے نور**۔ بہت زبردست بات کی ہے ۔ ایک شخص اگر یہاں تک کہے کہ ایک پارلیمانی لیڈر نے یہ کہا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم ۔۔۔

**جناب چیئرمین** ۔ نہیں ، ان کے بارے میں نہیں کہی ۔

**جناب خدائے نور** ۔ جی نہیں، آپ کو میں کہتا ہوں کہ اگر ان کے بارے میں نہیں جناب چیئرمین صاحب ۔۔۔ جناب! میری بات آپ سن لیں ۔

**جناب چیئرمین** ۔ کوئی بات نہیں کی ۔ یہ بات ہی غلط ہے ۔ جناب مسعود کوثر صاحب ۔ یہ بات ہی غلط ہے ۔ ان کے بارے میں نہیں کہی ۔ مسعود کوثر صاحب ۔ میں جو کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے نہیں کہی ۔ میں نے خود اخبار پڑھی ہے ۔ نہیں کہی خدائے نور صاحب ۔ کسی کے بارے میں نہیں ۔ کسی کا نام نہیں ہے ۔آپ تشریف رکھیں ۔ پلیز اعتراز صاحب ! let us not get into un-necessary matters. جناب مسعود کوثر صاحب ۔

**سید مسعود کوثر** ۔ جناب چیئرمین ! شکریہ ۔ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں اور میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ privileg motion پر اس کے بہت سے aspects پر ہمارے سینیئر حضرات نے بہت سی بحث کی ہے، میں اس کو دہرانا نہیں چاہتا ۔ جناب ! میں یہ عرض کروں گا کہ آپ اپنی observation میں یہ فرما رہے ہیں کہ آپ اس نکتے کو ڈسکس کریں جس پر کہ breach of privilege بنتی ہے ۔ جناب میں یہ سمجھتا ہوں کہ breach of privilege strictly speaking اس وقت ہوتا ہے جب کہ کسی بھی ممبر آف پارلیمنٹ کو اس کے اپنے فرائض سے روکا جائے یا اس کو آزادانہ طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دینے نہ دیئے جائیں ۔ Senator or a

ہر روز مختلف معاملات میں، کوئی تجارت کرتا ہے، parliamentarian like any other citizen he might be a Senator and he might be a business man یا کسی اور profession سے تعلق رکھتا ہے تو جہاں تک اس کے اپنے profession یا اپنے personal معاملات میں grievances کا تعلق ہے that might not constitute a breach of privilege. یہاں صورتحال جناب! is totally different. یہاں یہ صورتحال ہے کہ اس ملک کا آئین پارلیمنٹیرین کے کچھ فرائض بتاتا ہے اور اس بات کی بھی گارنٹی دیتا ہے کہ پارلیمنٹ کے اراکین اپنے فرائض اپنے ضمیر اور اپنی آزادی کے ساتھ ادا کریں گے۔ چنانچہ ہر وہ شخص جو کہ پارلیمنٹ کے اراکین کے constitutional فرائض کی ادائیگی میں کسی طریقے سے بھی interfere کرتا ہے، چاہے وہ رعب سے interfere کرتا ہے، چاہے وہ دھونس سے کرتا ہے، چاہے وہ مذہبی منافرت پھیلا کر ان کو اپنے فرائض کی ادائیگی سے روکتا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جناب والا! وہ individually and collectively اس ہاؤس کے اراکین کے constitutional فرائض کی ادائیگی میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ اب جناب والا! ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ آیا نواز شریف صاحب نے ہمارے سینٹ کے ممبران پر کوئی اس قسم کا پریشر ڈالنے کی کوشش کی ہے جس کی وجہ سے بجائے اس کے کہ وہ اپنے ضمیر کے مطابق اور آزادانہ طور پر اپنے فرائض سرانجام دے سکیں، وہ دھونس یا پریشر کے ذریعے ان کو ایک خاص لائن سے منسلک کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ جناب والا! آپ بھی قانون دان ہیں۔ جب کوئی habitual criminal ہو تو یہ fact تو relevant ہو جاتا ہے کہ اس نے پہلے کتنی چوریاں کی ہیں۔ اگر کوئی habitual جھوٹا ہو تو پھر یہ relevent بن جاتا ہے کہ اس نے کس کس جگہ پر جھوٹ بولا ہے۔ اگر کوئی habitual identity کرتا رہا ہو تو یہ facts relevant بن جاتے ہیں۔ ہم جب یہ کہتے ہیں کہ نواز شریف صاحب کا ایک consistent طریقہ واردات رہا ہے اور آج کی اس breach کو ثابت کرنے کے لئے ہم اس کے previous ریکارڈ کو دیکھتے ہیں۔ Therefore it is relevant or it is not irrelevant. آج میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس ملک کو پڑھے لکھے وزیراعظم دے جن کو یہ پتا ہو کہ آئین کیا ہوتا ہے، جن کو یہ پتا ہو کہ سیاست کیا ہوتی ہے، جن کو یہ پتا ہو کہ انسانی قدریں کیا ہوتی ہیں، جن کو یہ پتا ہو کہ صوبوں کے حقوق کیا ہوتے ہیں؟ بد قسمتی سے ہمیں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسا وزیراعظم دیا ہے جس کو یہ پتا نہیں ہے کہ exective کیا ہے، judiciary کیا ہے اور legislature کیا ہے۔

میرے دوست مٹہ نے پارلیمنٹری ہسٹری کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ یورپ میں تو آپ کو پتا ہے کہ سینکڑوں برس وہاں کے عوام نے کس آمریت کے خلاف جنگ کی ہے ؟ اس آمریت کے خلاف جہاں پر ایک شخص کے پاس تینوں اختیارات ہوتے ہیں ، جس بادشاہ کو وہ fountain of justice کہتے تھے ، جس بادشاہ کو وہ چیف ایگزیکٹو کہتے تھے جس بادشاہ کو وہ Law giver کہتے تھے ۔ ان تین اداروں کو الگ کرنے اور چیک اینڈ بیلنس کا سسٹم قائم کرنے کے لئے ہزاروں لوگوں نے جان دی ہے، فلاسفروں نے ،سیاستدانوں نے ،سپیکروں نے ،ججوں نے اپنے سر کٹوائے ہیں ۔ بادشاہوں نے سر کٹوائے ہیں ۔ اس لئے کہ یہ تین ادارے جب ایک جگہ ہو جائیں تو ملک میں پھر انار کی پیدا ہوتی ہے ۔ ملک میں پھر جسٹس نہیں ہوتا ۔ اس میں انصاف نہیں ہوتا وہ ترقی نہیں کر سکتا ۔ اور آج جو ممالک سیاسی طور پر مستحکم ہیں ان میں ہم دیکھتے ہیں کہ انہوں نے ان تین اداروں کو الگ کیا ہوا ہے ۔ اور سب سے زیادہ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ اس ملک میں جو بھی ظلم ہوتا ہے وہ قرآن اور سنت کے نام پر ہوتا ہے ۔ کاش! کہ اللہ تعالیٰ ان پر عذاب نازل کرے جو اسلام کے نام کو اپنے ذاتی مفادات کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ اگر اس نے صرف قرآن اور سنت نافذ کو کرنا تھا۔۔۔

جناب چیئرمین ۔ مسعود کوثر صاحب ! میں صرف یہ عرض کروں گا کہ ایشو پر آئیں ۔ بحث جب آئے گی تو اس پر بات ہو گی ۔ یہ چیزیں ساری تفصیل سے پھر ہوں گی ۔

سید مسعود کوثر ۔ جناب ! میں صرف ایک دو فقروں کے بعد ختم کرنا چاہتا ہوں ۔ قرآن اور سنت کے نیچے تین چیزیں جو اس نے لکھی ہوئی ہیں، جن میں فیڈرل گورنمنٹ کو یہ تمام اختیارات دے رہا ہے، یہ کیوں اس میں کیموفلیج کر رہا ہے اور جناب! میں اس لئے consistency کی بات کر رہا ہوں کہ اس شخص کو یہ فکر ہے کہ جب تک اس کے پاس ساری دنیا کے اختیارات نہ آ جائیں یہ کوئی کام نہیں کر سکتا ۔ اور اسی وجہ سے اس کی ہر پالیسی فیل ہوتی ہے۔ اس نے شروع کہاں سے کیا جناب ! اس نے شروع کیا 13 ویں ترمیم سے، اس ترمیم کا کیا مقصد تھا ۔ اپنی قوت کو ، نواز شریف کی قوت کو بڑھانا ۔ وہ مسلم لیگ کا نام بھی نہیں لیتا ۔ اس کا شاید یہ خیال تھا کہ he has bought the Prime Ministership but he can not run the Prime Ministership. ہر چیز خریدی نہیں جا سکتی ۔ عقل نہیں خریدی جا سکتی ،

ضمیر نہیں خریدا جا سکتا۔ جناب والا! پارلیمنٹ کے اندر اس نے 13 ویں ترمیم کے بعد جو صورتحال بنائی، 14 ویں ترمیم کے بعد جو صورتحال بنائی، جب بم کا دھماکہ ہوا اور اس نے ایمرجنسی نافذ کی، اس نے صوبوں کے اختیارات سلب کیے ۔ Individual کے اختیارات تو اس نے restore کر دیے ۔ لیکن صوبوں کے اختیارات کیوں یہ کہا گیا ہے ۔ آج بھی اس کو اتفاق نہیں ہے کہ اس کے پاس اختیارات پورے ہیں ۔ اب وہ شریعت کے نام پر مزید اختیارات حاصل کرنا چاہتا ہے ۔

**جناب چیئرمین**۔ میں نے کہا ہے کہ جب یہ بل آپ کے سامنے آئے گا تو اس وقت یہ باتیں تفصیل سے ہوں گی ۔

**سید مسعود کوثر**۔ اچھا جناب! ٹھیک ہے۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا جناب والا! کہ اگر ایک دفعہ یہاں پر یہ privilege motion move ہو گیا تو اس کو اگر اس ادارے کے وقار کی طاقت کا خوف ہوتا تو وہ کہتے کہ میں نے ایسا نہیں کہا ہے ۔ ہر جلسے میں پچھلے جلسوں سے زیادہ prerogative ہوتا ہے ۔ وہ زیادہ اشتعال دیتا ہے ۔ وہ لوگوں کو زیادہ مشتعل کر رہا ہے ۔ جناب والا! وہ اس ملک میں ایک ایسی situation پیدا کرنا چاہتا ہے کہ لوگ پاکستان کے آئین کو اٹھا کر پھینک دیں اور جس شخص نے بھی پاکستان کے آئین کو پھاڑا ہے ، تو وہ پاکستان کو پھاڑے گا ، وہ صرف آئین کو نہیں پھاڑے گا ۔اگر کوئی ڈاکٹر بنتا ہے تو اس کے پاس کوئی ڈگری ہوتی ہے، اگر کوئی وکیل بنتا ہے تو اس کے پاس ڈگری ہوتی ہے ، اگر کوئی انجینئر بنتا ہے تو اس کے پاس کوئی ڈگری ہوتی ہے ۔ ہمیں اللہ تعالیٰ نے ایسا وزیراعظم دیا ہے کہ جس کے پاس کوئی ڈگری نہیں ہے اور جناب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ملک کی ایک بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ اس ملک کے نام نہاد دانش ور اور بعض پڑھے لکھے لوگوں نے آمروں کی کاسہ لیسی کی ہے۔ وہ آمروں کے درباری بنے ہیں اور آج جو اس ملک کی حالت ہے۔۔۔

**جناب چیئرمین**۔ جناب مسعود کوثر صاحب ! پھر آپ پھر اس طرف چلے گئے ہیں جو فی الحال relevant نہیں ہے ۔

**سید مسعود کوثر**۔ جو ایوب خان کے دربار میں گئے ، جو ضیاالحق کے دربار میں گئے، جو اور درباروں میں گئے اور انہوں نے اس ملک کو تباہ کیا۔

**جناب چیئرمین**۔ شکریہ ۔ بہت مہربانی ۔ بہت مہربانی ۔ اعتزاز احسن صاحب ! آپ کچھ

فرمانا چاہیں گے ۔ محمد زاہد خان صاحب ۔

**جناب محمد زاہد خان**۔ جناب چیئرمین صاحب! ایک وفد کی شکل میں میاں محمد نواز شریف کو سوات میں ملے تھے شریعت محمدی والے، سپاہ محمد والے تو ان میں سے چند لوگ میرے پاس آئے ۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگ شریعت کو کیوں نہیں مانتے ہیں ۔ہم نے کہا کہ وہ شریعت بل نہیں ہے ۔ وہ شریعت ہے ہی نہیں تو انہوں نے کہا، میاں صاحب نے تو ہمیں کہا ہے کہ آپ لوگ کفر تک جا رہے ہو کہ آپ شریعت کو نہیں مانتے ہیں۔ یہ ان کے الفاظ ہیں ۔ان لوگوں کے جو میاں نواز شریف کو جرگے کی شکل میں ملے تھے ۔ پھر میں نے ان کو سمجھایا ۔ میں نے کہا کہ شریعت بل اس لئے نہیں ہے کہ--- جناب! ہمارے علاقے دیر میں اس وقت شریعت ہوتی تھی---

**جناب چیئرمین**۔ آپ نے تفصیل سے بتایا تھا ۔آپ نے اپنی تقریر میں جتایا تھا کہ پہلے شریعت تھی پھر قانون آ گیا۔ آپ نے صوفی محمد کا ذکر کیا تھا۔

**جناب محمد زاہد خان**۔جناب! میری بات سن لیں ۔ اس لئے کہ وہاں پر دیر کے نواب کے دور میں کتوں کے لئے ہسپتال ہوتا تھا لیکن انسانوں کے لئے نہیں تھا ۔ تو میں نے ان کو یہی کہا کہ میاں نواز شریف وہی بننا چاہتا ہے کہ صرف عدالت میں دیوانی cases یا crime cases چلیں ۔ اس کی مرضی صبح اٹھے جس کو چاہے پھانسی لگائے ، جس کو چاہے لٹکائے ۔ اس کی اپنی مرضی اور جس سے جو چھیننا چاہے، چھین لے ۔ جس کو چاہے جیل کے اندر بند کرے لیکن قاضی صاحب کے پاس نہ وہ بندہ جا سکتا ہے اور نہ وہ نواب اس کے پاس جا سکتا ہے۔ تو ان لوگوں نے کہا کہ اچھا! ہمیں تو نہیں پتا تھا۔ تو جناب! ایسے لوگوں میں اشتعال پیدا کیا ہوا ہے ۔ یہ لوگ کہتے ہیں تو میاں صاحب ادھر آ کر کیوں نہیں کہتے ہیں کہ میں نے یہ بات نہیں کی ہے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو میں ان لوگوں کو آپ کے پاس لے آتا ہوں۔

**جناب چیئرمین**۔ نہیں ، نہیں ۔ مجھے یہ بتائیں ، مجھے خوشی ہوئی ہے کہ وہ لوگ آپ کے سمجھانے سے بات سمجھ گئے ہیں ۔

**جناب محمد زاہد خان**۔ وہ لوگ تو سمجھ گئے لیکن جو ہزاروں کی تعداد میں تھے ان کو کون سمجھائے گا۔ میاں صاحب ادھر آ کر کہہ دیں کہ میں نے یہ نہیں کہا ہے ۔

Mr. Chairman: O . K. Aitzaz sahib, you want to say something.

جی فرمائیے ۔

جناب اعتزاز احسن۔ جناب چیئرمین صاحب! میرے خیال میں تو یہ ایک ایسا معاملہ ہے کہ جس پر میری ذاتی رائےمیں جتنی گزارشات اس جانب سے کی گئی ہیں ان پر ہی --- اس وقت ایک ایسے صاحب سے میں مخاطب ہوں ، باقی ہاؤس سے بھی ہوں اور باقی ہاؤس کو بھی جب میں کچھ گزارشات وزیراعظم کی تقریر کے تناظر کے متعلق کروں گا تو مجھے امید ہے کہ اگر برملا نہیں ، اگر باآواز بلند نہیں اور اگر کسی خوف یا مصلحت کی بناء پر دبے الفاظ میں بھی نہیں ، تو بہرحال ان کے دل یہ گواہی دیں گے کہ جو وزیر اعظم نواز شریف نے کیا ہے ، اس سے اس ہاؤس، اس ایوان کے استحقاق کو ہی مجروح نہیں کیا بلکہ فوجداری قوانین کے تحت ایک بہت ہی سنگین جرم کیا ہے۔ جناب چیئرمین! لیکن میں آپ سے مخاطب ہوں اور اس ہاؤ س سے نہیں، تو میں مخاطب ہوں بیرسٹر وسیم سجاد سے ، میں مخاطب ہوں ان صاحب سے جن کے والد سپریم کورٹ کے جج تھے جسٹس مرحوم سجاد احمد جان۔ میں مخاطب ہوں اس شخص سے جس کے نانا بھی سپریم کورٹ کے جج تھے جسٹس محمد شریف۔ جناب چیئرمین ! آج میں جس شخص کی انصاف پسندی کو آواز دے رہا ہوں ان صاحب نے آج ہی دو rulings دی ہیں، پہلی یہ کہ اگر کوئی سینیٹر چشم دید گواہ ہو ، اس پر واقعہ گزرا ہو یا واقعہ کے وقت وہ موجود ہو تو آپ پر لازم ہے کہ آپ اُس کی بات کی تردید نہ کریں بلکہ اس کو تسلیم کریں۔

Mr. Chairman: Just wait, wait.

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب ! اب wait پر نہ آئیے ۔ میں آپ کے الفاظ نکلوا سکتا ہوں۔ آپ الفاظ نکلوا لیجئے ۔ آپ نے کہا کہ آپ پر ماننا واجب ہے ، آپ کیسے نہیں مانیں گے، آپ کیوں نہ مانیں۔ تو اب آپ تشریح نہ فرمائیے ۔ بدقسمتی سے وزیر اعظم نے اتنی تشریح اور تردید فرمانا بھی گوارا نہیں کیا۔ لیکن سینیٹر نثارمحمد خان صاحب نے کہا کہ انہوں نے یہ بات کی ہی نہیں، معلوم نہیں اخبارات میں کیسے آ گئی، پتا نہیں سب اخبارات میں ، ایک میں نہیں سب اخبارات میں کیسے آ گئی۔ اخبارنویسوں کے ہاتھ کوئی غیبی طاقت تھی جو ان کا ہاتھ چلا رہی تھی جب وہ وزیر اعظم کے الفاظ نوٹ کر رہے تھے اور اخبارات تک بھیج رہے تھے۔ کون وہاں بیٹھا

ہوا تھا جو اس ساری بات کو بالکل دوسرا رخ ، پہلو اور رنگ دے رہا تھا۔ چلیئے، آپ نے فرمایا کہ آپ کے لئے یہ لازم ہے ۔ ہم نے یہ روایت بھی چھوڑی ، ہم نے یہ بات بھی چھوڑی ، ہم نے یہ گلہ شکوہ بھی چھوڑا کہ جب رضا ربانی اور میں آپکے پاس آئے اور رضا کے سر پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور ہم واحد چشم دید گواہ نہیں تھے ، جو ہمارے ساتھی وہاں چشم دید تھے انہوں نے آ کر آپ کو اس واقعہ کا ایک رخ بتایا ، لیکن ہم شاید پاکستان پیپلزپارٹی سے تعلق رکھتے تھے ۔ جناب نے جو روایت آج فرمائی ہے اور ابھی تازہ دم ہے اس لئے میں اس کا تذکرہ کر رہا ہوں ، اس وقت یہ روایت آپ کے سامنے نہیں تھی ۔ بہرحال اُس بات کو چھوڑ دیا۔ آج کی بات ، آج کی بات ہے ۔ آج سینیٹر نثار محمد خان نے یہ کہا کہ وزیر اعظم نے فلاں بات کی۔ چلیئے ایک منٹ کے لئے اس کو تسلیم کئے بغیر فرض کر لیجیئے کہ وہ درست تھے اور فرض کیجیئے کہ جو سینیٹر نثار محمد خان صاحب نے فرمایا وہ نہ صرف درست ہے بلکہ آپ پر لازم ہے اور آپ کی رولنگ کی بنیاد وہی statement ہوسکتی ہے ، فرض کیجیئے کہ آپ جب رولنگ دیں اور آپ privilege motion کو out of order قرار دیں تو آپ یہ فرما سکتے ہیں کہ ایک سینیٹر صاحب نے جو وہاں موقع پر موجود تھے ، کھڑے ہو کر یہ کہہ دیا ، اب سارے ہاؤس پر لازم ہے کہ من و عن ان کی بات تسلیم کرلیں ۔ فرض کیجیئے ایسا کرنا آپ پر لازم ہے اور فرض کیجیئے کہ یہی مناسب ترین طریقہ اور انداز ہے تحریک استحقاق سے نپٹنے کا تو پھر یہ بھی فرض کیجیئے جناب چیئرمین! کہ یہ چھپا اور پھر یہ بھی فرض کیجیئے کہ باوجود اس کے کہ وزیر اعظم کے وہاں ہونٹ سلے ہوئے تھے ، باوجوداس کے کہ وزیر اعظم نے یہ بات نہیں کی، باوجود اس کے کہ ٹیلی ویژن نے، ریڈیو نے ، تمام خبر رساں ایجنسیوں نے اور تمام اخبارات نے جھوٹ بولا اور سینیٹر نثار محمد خان صاحب جو ہمارے معتبر، معزز سینیٹر ہیں، وہ واحد صاحب ہیں جو صحیح کہہ رہے ہیں۔ اس کے باوجود کہ وزیراعظم کی بات غلط ملط ہوکر تمام اخبارات میں اور PTV پر آئی لیکن وزیراعظم نے آج تک اس کی تردید نہیں کی۔ سب سے پہلے تو جناب چیئرمین! اس کو اس تناظر میں دیکھیئے کہ جب بے نظیر بھٹو کی بات آتی ہے، محترمہ کی ساری کی ساری حکومت اس بات پرختم کی جاتی ہے اور سپریم کورٹ اس پر مہرتصدیق لگا دیتی ہے اور سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے۔ سپریم کورٹ کا فیصلہ Benazir Bhutto vs the President of Pakistan, PLD 1997 کے صفحہ ۲۴۲ پر ہے، اس میں سپریم کورٹ نے یہ کہا۔ اخبارات میں خبریں چھپیں۔ تردید نہیں آئی۔ ہم کہتے رہے کہ تردید آئی۔

ہم نے تردیدیں سامنے رکھیں۔ بہرحال سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے اور سپریم کورٹ نے کہا کہ اخبارات میں بات چھپی 'تردید نہیں آئی' لہذا یہ بات ثابت ہوئی۔ لہذا' یہ الزام ثابت ہوا۔ جناب! آپ اس کے باوجود ' اگر غفار محمد خان صاحب کی بات ماننا چاہتے ہیں تو بے شک مانیں لیکن اس کے بعد اس وقت' اسی لمحے آپ کو سینیٹر آفتاب شیخ کی بات بھی ماننی پڑے گی جو واحد گواہ ہیں اس بات کے کہ ان کو ٹیلیفون آئے۔ کیوں آئے؟ تیر چلانا جرم نہیں ہے۔ تیر نشانہ لے کر چلانا جرم ہے۔ تیر نشانہ لے کر چلے اور وہ اپنے ہدف تک پہنچے اور ہدف کوئی انسان ہو تو وہ سنگین جرم ہے۔ جان لیوا ثابت ہو تو سنگین جرم ہے لیکن تیر نشانہ لے کر چلا دینے کا فعل بذات خود ایک جرم ہے۔ اب نشانہ لیا گیا کہ نہیں۔ کس کا نشانہ لیا گیا۔ کیا اس ہاؤس کا نشانہ لیا گیا۔ کیا سینیٹر کا نشانہ لیا گیا۔ پہلے اس کی تصدیق جناب آفتاب شیخ صاحب کی بات سے ہوئی ہے اور دوسری اس کی تصدیق جناب زاہد خان صاحب کے انکشاف سے ہوتی ہے کہ وہاں سے اٹھ کر لوگ آئے اور جرگے کی صورت میں وہ وزیر اعظم سے ملے۔ ان کو وزیراعظم نے ' محترم جناب نواز شریف نے کس قدر اور کس طرح انگیخت کیا' یہ بات اب کوئی راز کی بات نہیں۔ وزیراعظم اپنے بیانات سے بہت پریشان نظر آتے ہیں ۔ ان کو پریشانی ہے اور پریشانی ایک ضد کی حد تک ہے' انہوں نے ضد باندھی ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ ایک دن وہ بل پاس ہو جائے جس کو لوگ واقعتاً' جیسے جہانگیر بدر صاحب نے کہا' نواز شریف بل کہتے ہیں۔ کوئی اس کو شریعت بل نہیں مانتا۔ مصلحتاً چند علماء اگر اس بات کو لئے پھرتے ہیں تو ان کی دو مصلحتیں ہیں۔ میری بھی ان سے بات ہوئی ہے۔ وہ چند ہیں جو کہتے ہیں کہ ایک دفعہ یہ آ جائے تو ہم معاملہ سنبھال لیں گے ۔ دوسرے شاید کوئی ایک دو ایماندارانہ طور پر جو بیان دیتے ہیں وہ مانتے ہیں۔ تیسرے بھی ہیں اسی گروہ میں' وہ ایک بڑی روایت کے امین ہیں ' آج کی نہیں یہ روایت ۱۵۰۰ سال سے چل رہی ہے جب سے اسلام آیا ہے' ایک طرف وہ علما ہیں جو حسین کا ساتھ دیتے ہیں' ایک طرف وہ علماء ہیں جو یزیدیت کو بھی اسلام کہتے ہیں۔ آپ ایک درخت کو دیکھتے ہیں تو اس درخت کو آپ سمجھ نہیں سکتے جب تک آپ جنگل نہ دیکھیں یا درخت کے ارد گرد صحرا نہ دیکھیں ۔ اگر درخت صحرا کے تناظر میں کھڑا ہے تو آپ کہیں گے کہ یہ تناور درخت ہے جس کو پانی کی زیادہ ضرورت نہیں ہے۔ اس پر دھوپ بھی پڑتی رہے' اس پر اثر نہیں ہوتا۔ وہی درخت اگر آپ جنگل میں دیکھتے ہیں جہاں بارشیں زیادہ ہوتی ہیں' جہاں پودے زیادہ ہیں' حیات و نباتات زیادہ ہیں تو آپ

اس درخت کی نوعیت اور اس درخت کی ہیئت اور اس درخت کی قسم کے بارے میں بالکل مختلف اندازہ لگاتے ہیں۔ جب تک آپ یہ نہ دیکھیں کہ میاں نواز شریف نے کس تناظر میں یہ بیان دیا ہے، اس بات کا اندازہ نہیں کرسکتے۔ اب اس کا تناظر، اس کا context انگریزی میں جس کو کہتے ہیں، کیا ہے۔ جناب چیئرمین! اصل میں وزیراعظم نے تین چار اوپر نیچے بیانات دیئے ہیں۔ بد قسمتی سے جب پہلا بیان دیا تو سینٹ کا اجلاس قریب تر نہیں تھا اور معاملہ نکل گیا۔ ہم نے سوچا کہ وزیراعظم نے جوش میں کہہ دیا۔ تازہ تازہ بل پاس ہوا تھا، چلیے کیا کریں، لیکن ارادہ جو ان کا ہے، 'تیر دیکھ کر، نشانہ لے کر'، تیر کی کمان کو کھینچنے کا جو عمل ہے'، اس وقت کمان کھنچی جناب چیئرمین! ہم نے کہا کہ چلیئے شوق ہے، شاہانہ شوق ہوتے ہیں، ہوا میں بھی تیر چلا دیئے جاتے ہیں'، چلالیں، یہ شہزادوں کا، شہنشاہوں کا شوق ہے۔ لیکن جب کمان کھنچی اس وقت بھی جناب چیئرمین! اس ہاؤس کو'، آپ کو، ہم کو سب کو'، اس ہاؤس کو اسی وقت عمل پیرا ہونا چاہیئے تھا'، اس وقت in to action آنا چاہیئے تھا کیونکہ انہوں نے سب سے پہلے یہ فرمایا، یہ الفاظ دو اخبارات سے میں دیتا ہوں اور اردو میں تاکہ interpretation کا بھی مسئلہ نہ ہو۔ اردو میں جناب محترم وزیراعظم نے تقریر فرمائی'، یہاں اسلام آباد میں، اخبارات میں وہ شائع ہوئی، میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ اس کی تردید نہیں آئی آج تک'، تین ماہ'، دو ماہ ہوگئے۔ "علماء مخالفوں کا ناطقہ بند کر دیں۔ نواز شریف،" "نوائے وقت" ۔ "نفاذ شریعت'، اٹھیئے ملک بھر میں پھیل جائیے، مہم چلائیے، تحریک اٹھائیے، تاکہ رکاوٹیں ڈالنے والے گھروں میں دبک جائیں۔ حکومت کی ساری مشینری، طاقت اور وسائل آپ کے ساتھ ہیں" ۔ یہ ٹیلیویژن پر بھی دکھایا۔ جس کی آج تک تردید نہیں ہوئی۔ نفاذ اسلام کے معاملے پر صوبائی خودمختاری کا ذکر کیوں۔ صوبوں کا اسلام الگ تو نہیں۔ وہاں پر آکر یہ بات کرتے ہیں۔ اگر الگ ہے کسی کا اسلام تو نوازشریف کا اسلام الگ ہے۔ ہمارا اسلام ایک ہے۔ لیکن صوبے پھر بھی اکائیاں ہیں۔ حقیقتیں ہیں، اس ملک کی بنیاد ہیں۔

پھر فرماتے ہیں روزنامہ "جنگ" میں، "علماء اٹھیں، شریعت کے مخالفوں کی توبہ کروا دیں۔ علمائے کرام اپنے حصے کا کام کریں، پورے ملک میں پھیل جائیں۔ تحریک اٹھائیں تاکہ رکاوٹیں ڈالنے والے گھروں میں دبک جائیں، حکومت کی ساری مشینری، ساری طاقت اور وسائل آپ کے ساتھ ہیں۔ پہلے آپ حکمرانوں کا گریبان پکڑتے تھے آج میں آپ کا دامن پکڑتا ہوں، اور آپ کا اب امتحان ہے" ۔ اس کا کیا جناب! اگر سب ایک اللہ، ایک رسول اور ایک قرآن پر ایمان رکھتے

ہیں تو مرکز سے اختلاف کیسے پیدا ہوگا ؟ مرکز سے آج بھی اختلاف ہے۔ لیکن کیا ہم مسلمان نہیں ؟ نواز شریف نے اسلام کے سرٹیفکیٹ دینے ہیں سینیٹرز کو ؟ جناب چیئرمین ! کمان جب کھنچی، امیرالمومنین نواز شریف کے نعرے لگے۔"عوام ایسے حالات پیدا کردیں کہ کسی کو مخالفت کی جرات نہ ہو"۔ یہ ان کے الفاظ تھے اور ان کی کوئی تردید نہ ہوئی۔ اس کے بعد آپ نے دو چار اور بیانات دیئے اور بالآخر آپ نے مالاکنڈ کا سوچ کر ، مالم جبہ کا سوچ کر بیان دیا ۔ آپ نے سوچا تھا کہ لوگ انگیخت نہیں ہو رہے ۔ آپ نے سوچا کہ چند علماء مخالفت بھی کر رہے ہیں۔ کھل کر مخالفت اس بل کی کر رہے ہیں۔ نواز شریف بل کی، یہ شریعت بل کہتے ہیں، نواز شریف بل ہے، اس میں سے نکلے گا نواز شریف ۔ سوال اسلام ، جواب نواز شریف۔ یہ ریفرنڈم تھا ضیاء الحق کا، سوال اسلام جواب ضیاء الحق ۔ اب نواز شریف نکلے گا۔ مجھے تو حیرت ہوتی ہے، پڑھے لکھے بہت سارے لوگ، کس طرح وٹو صاحب جیسے یا سرتاج عزیز صاحب جیسے چلے آرہے ہیں ان کے ساتھ۔ بیانات ان کے میں دیکھتا ہوں۔ اب جناب مالم جبہ کی تقریر پر میں نہیں جاتا، آپ کے سامنے بہت مرتبہ پڑھی گئی ہے لیکن اب نیا طریقہ ڈھونڈا ، انگیخت کرنے کا ۔ یہ پارلیمنٹ ہے، اس پارلیمنٹ کا وقار اگر سینٹ سے ہے تو اس پارلیمنٹ کا وقار قومی اسمبلی سے بھی ہے۔ وہ اور یہ دونوں ادارے ، دونوں ایوان ایک دوسرے کی عزت پر مبنی ہیں اور ایک دوسرے کے وقار پر مبنی ہیں۔ اب پارلیمانی لیڈر نیشنل اسمبلی کا ہو یا سینٹ کا ہو، خبر نہیں کس کا کون سا ہے۔ پر آپ دیکھیں کہ کس طرح اس کے خلاف انگیخت کیا پرائم منسٹر نے 'incitement to violance ا گر یہ cirminal action نہیں ہے تو کیا ہے۔ یٰسین وٹو صاحب ایک سینیئر وکیل ہیں، آپ مجھے بتائیں، لاءمنسٹر صاحب تو white wash کر دیں گے ہر چیز کو، اس کالے بورڈ کو بھی سفید کہہ دیں گے، میں ان سے نہیں پوچھتا، یٰسین وٹو صاحب سینیئر پارلیمنٹرین ہیں، وزیراعظم فرماتے ہیں "علامہ اقبال کانفرنس میں پارلیمانی لیڈر نے کہا، نعوذ باللہ، رسول اکرم ڈکٹیٹر تھے، نواز شریف"۔ اللہ تعالی مینڈیٹ دینے والے کون ہوتے ہیں، نعوذ باللہ، پارلیمانی لیڈر نے قابل اعتراض زبان استعمال کی۔ جناب! وزیراعظم کے انکشاف پر بدبخت رکن پارلیمنٹ کے خلاف زبردست نعرے لگے۔ کیوں نہ لگتے ؟ یہ بتاتے کیوں نہیں وزیراعظم کہ کون ہے ، میں نے تو کسی کو نہیں سنا۔ یہ سینٹ بھی گواہ ہے، میں نے نہیں سنا کسی کو، نہ ادھر سے، نہ ادھر سے ایسی کوئی بات کہتے ہوئے۔ ملک صاحب! آپ بتائیں ، کوئی بتا دے کھڑا ہو کے ، جس نے کبھی ایسی بات کہی ہو۔ نیشنل

اسمبلی میں اگر کہا ہوتا تو نیشنل اسمبلی میں لوگ انگیخت ہوگئے ہوتے۔ یہ نواز شریف کو بیس دن بعد، مہینے بعد جا کر لاہور میں جانا پڑتا ہے۔ "وزیراعظم کے انکشاف پر بدبخت رکن پارلیمنٹ کے خلاف زبردست نعرے۔ ہال میں ہنگامہ شروع ہوگیا۔ لعنت، لعنت اور شیم شیم کے نعرے لگاتے ہوئے کئی افراد اپنی نشستوں پر کھڑے ہوگئے"۔ .Is this a sane man میں تو حیران ہوں کہ ہمارا کیا گناہ ہے، ضرور ہوئے ہوں گے، بہت ہوئے ہوں گے، لیکن جو لوگوں کو بدبخت کہتا ہے وہ خود کیا ہے۔ ایسے شخص کی حکومت میں ہمیں رہنا پڑ رہا ہے۔ وزیراعظم میاں نواز شریف نے کہا کہ سینٹ سے شریعت بل منظور کروانے کے سلسلے میں میں نے ایک لیڈر سے بات کی تو اس نے نعوذ باللہ شرعی نقطہ نظر سے نہایت قابل اعتراض جواب دیا۔

**جناب چیئرمین** : یہ بات ہوگئی ہے اب کوئی اور بات کریں۔

**چوہدری اعتزاز احسن** : جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ بات تو ہوگئی لیکن یہ ہے کون۔۔۔

**جناب چیئرمین** : ٹائم کا معاملہ ہے، اس کی repetition نہ کریں۔

**چوہدری اعتزاز احسن** : جناب چیئرمین! یہ بات جب تک اس پورے تناظر میں نہیں دیکھیں گے، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ چند علمائے دربار، چند علمائے سو نواز شریف کے ساتھ ہیں اور اخبارات میں ان کے بیانات آ جاتے ہیں تو ایسے ایسے بیانات آرہے ہیں اور وہ سارے وزیراعظم سے متعلق ہیں اور وہ ساتھ میں وزیراعظم کو مبارک باد دیتے ہیں، میرے پاس سب ثبوت ہیں، ساتھ وزیر اعظم کو مبارک باد دیتے ہیں کہ تگڑے رہو، ڈٹے رہو اور ساتھ وہ ایسی ایسی شریعت بل کے مخالف بات کرتے ہیں، مرتد ہیں، ان کو موت کی سزا دینی چاہیئے، شریعت بل کے مخالفوں کا جنازہ نہ ہم پڑھیں گے نہ انہیں مسلمانوں کے قبرستان میں دفن ہونے دیں گے۔ شریعت بل کیا ہے؟ شریعت بل کے مخالف خدا اور رسول کے مجرم اور مرتد ہیں۔ پھر کہتا ہوں شریعت بل کا مخالف اسلام سے خارج اور واجب القتل ہے، یہ ان کے ایک وزیر کہتے ہیں، شریعت بل منظور نہ ہوا تو سینیٹروں پر مقدمے دائر کریں گے۔ چھوٹا سا وزیر ہے، وہ بیانات دینے سے چاہتا ہے کہ اس کی شہرت ہو، میں اس لئے نام نہیں لیتا، وہ یہ چاہتا ہے، یہ شامل واقعہ ہے۔ میرے پاس ویسے بیان ہے۔ شامل واقعہ ہے بالکل۔۔۔۔۔۔ وہ ایک توتی ہوتی ہے بینڈ کے ساتھ چلتی ہوئی، وہ ہے۔

I do not want to degree him even by taking his name.

جناب چیئرمین! This is the direct consequence یہ جو فضا بن رہی ہے۔ یہ اس وزیر اعظم کے بیانات کا اصل اور صحیح اور direct نتیجہ ہے۔ اس سے کوئی انکار نہیں ہے، وزیر اعظم ہیں، کوئی عام شخص نہیں ہے جو کہتا ہے کہ نکلو اور ان کو پکڑو اور میں تمہارے ساتھ ہوں، ریاست کی مشینری تمہارے ساتھ ہے، یہ وزیر اعظم پاکستان ہے، عام شخص نہیں ہے۔ عام شخص کوئی ایسی بات کرے تو خدا کی قسم اس کو پاگل خانے میں پہنچا دیا گیا ہوتا۔ میں سچ بتا رہا ہوں، کسی کے متعلق آپ سوچیں، مال روڈ لاہور پر وہ پھرتا ہو اور یہ کہہ رہا ہو کہ نکلو، پکڑو، مارو، یہ کرو، کوئی کہہ رہا ہو تو یہ گورنمنٹ اس کو اندر بند کرائے گی۔ میں seriously کہہ رہا ہوں، ان باتوں پر، ایسی باتوں پر تو اندر جاتے ہیں لوگ۔ بہرحال اس کو ہم کس طرح seriously نہ لیں۔

یہ وزیر اعظم ہیں، انہوں نے ایک لہر پھیلا دی ہے، ایک فضا بنا دی ہے۔ جب دیکھتا ہے کہ فضا نہیں بن رہی تو مالا کنڈ میں جا کے بات کرتا ہے۔ جب وہاں مالا کنڈ میں دیکھتا ہے کہ نہیں بن رہی ہے تو ایک ہاتھ سے شر انگیز بات ساری پارلیمنٹ کے خلاف کر دی، بتاؤ، وہ کونسا پارلیمانی لیڈر ہے۔ ساری پارلیمنٹ کو بدنام کرنے کے لئے ایسی شر انگیز باتیں وہ کرتا ہے۔

میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں جناب چیئرمین! کہ یہ نواز شریف کے six points ہیں۔ یہ بل are the six points of نواز شریف۔ میں مانتا ہوں کہ کوئی بھی آمر، dictator, یزید سے لے کر کوئی شہنشاہ جس نے شریعت کو استعمال کرنے کی کوشش کی ہے، اس کی صفوں میں بڑے بڑے جید حضرات موجود پائے گئے ہیں، سب وہ صفوں میں کھڑے ہیں، دست بدستہ کھڑے ہیں، حضوری، درباری اس سے ہم پریشان نہیں ہوتے لیکن پریشانی کی بات یہ ہے جناب چیئرمین! کہ یہ سارا منصوبہ six points منصوبہ ہے۔ Six points منصوبہ کیا ہے؟ سب سے پہلے یہ سینٹ کے خلاف اور پارلیمنٹ کے خلاف سازش ہے۔ میاں صاحب تنگ آئے ہوئے ہیں۔ ان کے بیانات اس گھبراہٹ میں، اس بے چینی میں ہیں کہ پارلیمنٹ ہے کیوں؟ یہ میرے رستے سے ہٹتی کیوں نہیں۔ قومی اسمبلی میں تو جیسے بھی تھے جو اس کے حق میں ہاں کہے، ہاں ہو گئی۔ بہت سارے بعد میں آ کے ہمیں کہتے ہیں کہ یار غلطی ہو گئی۔ جنرل جہانگیر کرامت کو ایک دن dismiss کیا یا انہوں نے resignation دیا۔ ہم نے کہا پتا نہیں میاں صاحب تنگڑا ہو گیا، بڑی غلطی ہوئی۔ مجھے ان کے ممبروں نے آ کر کہا ہے پشیمانی میں، پریشانی میں، شرمندگی میں۔

بہرحال ہو گیا وہ۔ اب یہ سینٹ رکاوٹ نہیں۔ میں نے وزیر اعظم کو خود ایک خط لکھا ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہ رہا۔ میں نے اس میں لکھا ہے کہ بھائی ہم open mind سے آپ کے ساتھ discussion کرنا چاہتے ہیں، ...open mind

جناب چیئرمین: جب بل آئے گا تو اس ایشو پر یہ ساری بات ہو گی۔

چوہدری اعتزاز احسن: جناب! نہیں - میں آپ کو بتا رہا ہوں ایک طرف ہمارے minds open ہیں، ایک طرف ان کی ضد ہے، pathological ہے مسئلہ - میں نے خط لکھا ہے، میں لیڈر ہوں اپوزیشن کا، ان سب بھائیوں کے تعاون سے، اپنے طور پر نہیں اور میں نے خط لکھا اس کو - میں نے کہا ,with open mind بھائی ہمیں convince کر دیں آپ -

جناب چیئرمین: یہ موقع تو اس وقت آئے گا -

چوہدری اعتزاز احسن: جناب! میں اس میں نہیں جا رہا - آپ کیوں پریشان ہوتے ہیں جناب -

جناب چیئرمین: میں کہتا ہوں کہ شاید اس میں نہ چلے جائیں -

چوہدری اعتزاز احسن: میں نہیں جا رہا ہوں - اس میں تو سو سوال ہیں -

جناب چیئرمین: وہی تو میں کہہ رہا ہوں -

چوہدری اعتزاز احسن: میں نے کہا ہے کہ آپ بتائیں کہ یہ سنی سٹیٹ ہو گی کہ شیعہ سٹیٹ ہو گی۔ سنی ہو گی تو دیوبندی ہو گی کہ بریلوی ہو گی - آپ بتائیں - میں جناب! آپ کو بار بار کہہ رہا ہوں، میں اس میں نہیں جا رہا ہوں - میں نے یہ بھی کہا ہے کہ میں ساجد میر صاحب کو بھی جناب وزیراعظم کا جو جواب آئے گا بھیجوں گا - ساجد میر صاحب نے بہت سخت بیان دے رکھا تھا - اگر میں شریعت بل کے بارے میں بات کر رہا ہوں تو آپ مجھے ٹوکیں - میں تو بات کر رہا ہوں نواز شریف کے بیان پر، نواز شریف کے بیان ہیں سینٹ میں بل کے مخالفین کے بارے میں، کون سے مخالفین جو اس کو خط لکھتے ہیں کہ میاں صاحب! یہ ہمارے سوالات ہیں - ان پر آپ ہمیں اپنا نقشہ بتا دیں، کوئی ماڈل ہے تو بتائیں - آج وہی بات ہے -

جناب چیئرمین: وہ سوالات شریعت بل کے بارے میں ہیں -

چوہدری اعتزاز احسن: جناب ! میں اس وقت بھی کروں گا۔ اس وقت تو میں پورا خط لے کر آؤں گا ان کا ۔ انشااللہ جواب بھی آ چکا ہوگا ۔ پروفیسر ساجد میرصاحب اور دیگر علماء کو میں نے لکھا ۔ ان کے نام بھی ہیں ۔ میں نے کہاکہ میں ان کو آپ کا جواب بھیجوں گا۔ پہلے سے بتا دوں کہ ہم open mind, کھلے دل ، کھلی نظر والے ہیں ۔ ہم تنگ نظر نہیں ہیں ، ہم نے آنکھیں بند نہیں کر رکھیں ، ہم آپس میں بیٹھ کر بات کرتے ہیں ، ہمیں بھی تکلیف ہے کہ جب گینگ ریپ ہوتا ہے تو کیوں ہوتا ہے ، کیونکہ ایک طرف شریف خاندان جیسا امیر ترین ، ایشیاء کا امیرترین خاندان ہے اور ایک طرف انسان کے بچے کتوں کے ساتھ ردی کے ڈھیر پر بوٹیاں ڈھونڈتے پھرتے ہیں ۔ اس لئے تکلیف ہوتی ہے ۔ وہ رائے ونڈ کے سوپر بنتے ہیں اس لئے ہوتی ہے ۔ جناب ! یہ کہتے ہیں کہ میں شریعت بل لاؤں گا ، ان کے بیانات ہیں کہ پھر رحمتیں برسیں گی ، کیسے رحمت برسے گی جب اتنا ڈیفالٹر خاندان اس ملک پر حکومت کرتا رہے گا ۔ بیت المال کا پیسہ کھایا ہوا ہے ، یہ بنک ہمارے بیت المال ہیں ۔ یہاں کسی کا ہزار ، کسی کا دس ہزار ، کسی کا بیس ہزار ، بیوہ کے پچاس ہزار جمع ہیں ، کسی نے بیٹی بیاہنی ہے اس نے دو لاکھ جمع کرا رکھے ہیں ، حبیب بنک ، نیشنل بنک ، یونائیٹڈ بنک میں رکھے ہوئے ہیں اور یہ شخص انگیخت کرتا ہے لوگوں کو سینیٹ کے خلاف کہ یہ شریعت نہیں لانے دیتے ۔ کونسی شریعت ، جس کو وہ اپنی باندی کی طرح استعمال کرنا چاہتا ہے ، یہ شخص جو کہ مقروض ہے ، ان بنکوں سے پیسہ کھایا ہوا ہے ، ڈیفالٹر ہے جناب چیئرمین ! آپ کس طرح اس کی حمایت کرسکتے ہیں ۔ ان غریبوں کا پیسہ کھایا ہے ۔ 950 کروڑ اصل رقم کا مقروض اب سود بچانے کے لئے شریعت بل کی باتیں کرتا ہے ۔ میں نے پوچھا ہے ، آپ بتائیں سود ہوگا یا نہیں ہوگا ، کھل کے آؤ ، IMF کو تو سود دینا ہے ، ورلڈ بنک کو تو سود دینا ہے ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں ۔

(مداخلت)

چوہدری اعتزاز احسن ۔ میں ان کے انگیخت کرنے پر خواجہ صاحب بات کر رہا ہوں ۔

جناب چیئرمین: اعتزاز صاحب ! اس کا موقع آئے گا ، اس پر آپ بات کرلیں ۔

چوہدری اعتزاز احسن: میں وزیراعظم کے انگیخت کرنے پر بات کر رہا ہوں ۔

جناب چیئرمین: وہ ٹھیک ہے لیکن انگیخت کرنے کو but this thing...

چوہدری اعتزاز احسن، انگیخت اردو ہے' incitement انگریزی ہے۔

Mr. Chairman: Aitzaz Sahib, confine yourself

باقی چیزیں آئیں گی، تفصیل سے بات ہو گی۔

چوہدری اعتزاز احسن، باقی باتیں بھی آتی جائیں گی۔ میں آپ کو یہ عرض کر رہا ہوں، وزیراعظم کو ہمیں ایسی دھمکیاں دینے کی ضرورت نہیں ہے، سچ نہیں ہے، ان دھمکیوں سے ان کا اپنا کردار آشکار ہوتا ہے۔ اور یہ جو سارے بیٹھے ہوئے ہیں ان کو بھی اس سے کچھ نہیں ملنا۔ یہ تو ان دھمکیوں سے دبے ہوئے ہیں۔ ان میں سے کوئی بات کرنے کی جرات نہیں کر سکتا۔ یہ تو دبے ہوئے ہیں۔ میاں محمد نے کہا ہے۔

نیچاں دی اشنائی کولوں فیض کسے نہ پایا          کیکر تے انگور چڑھایا ہر گچھہ زخمایا

کچھ نہیں ملے گا۔ یہ سب رائے ونڈ میں جائے گا۔ رائے ونڈ والے اپنی دولت کو، اپنے قرضوں پر سے سود ہٹانے کو --- آپ دیکھیں، ان کا کیا مفاد ہے۔ لوگوں کو incite کر رہے ہیں کہ یہ ایوان ان کے سود کی رقوم کی نذر ہو جائے اور بھینٹ چڑھ جائے۔

(مداخلت)

Mr. Khalid Anwar: Sir, if they are going to shout like this---

Mr. Chairman: I request you to please maintain order.

Mr. Khalid Anwar: Sir, when their members speak, we can also interrupt.

Mr. Chairman: Please wind up. There are other items on the agenda also.

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب والا! اپنے چھ نکات میں سے ابھی میں پہلے پوائنٹ پر ہوں۔

جناب چیئرمین۔ باقی پانچ پوائنٹس بھی جلدی سے ایک، دو، تین، چار، پانچ کرکے فرما دیں۔

*(interruption)*

Mr. Chairman: Raza Sahib, I would request you don't be insulting to the Chair. I can also be insulting and I don't want to be. Please sit down. As Law Minister you also wrote things to me that doesn't mean instructions or directions. آپ ایسے ہی خواہ مخواہ ذہن میں لے کر بات کر رہے ہیں۔ then you start insulting the Chair. This is not all. میں آپ کی عزت کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ you will also respect the Chair. Please sit down.

چوہدری اعتزاز احسن۔ میں وزیر اعظم صاحب کے بیانات پر عرض کرنا چاہتا ہوں۔ یہ ایک نئی چیز ہے اس پر پہلے بالکل بات نہیں ہوئی۔ ایک پارلیمانی لیڈر سے انہوں نے یہ کہا، اس نے ان سے یہ کہا۔ مجھے ایک بار 1992 کی اسمبلی میں کہا گیا، شہباز شریف صاحب بھی اس وقت ایم این اے تھے، ہاؤس میں تھے۔ دو، چار حضرات آئے، نثار علی خان صاحب آئے کہ ملنا چاہیئے، مل لو۔ میں نے کہا کہ کھلے عام ملنے کو تیار ہوں لیکن علیحدگی میں ملیں تو آپ کے لیڈران کی ایسی reputation ہے، ان کا نام ایسا ہے کہ کہ گے گا بریف کیس لے کر آگیا۔ یہ میرے لئے بڑی بدبختی ہے چاہے میں کچھ نہ لے آؤں۔ اب یہ بدبختی ہے اس حکومت کی کہ جو ان سے ذرا سا بھی رابطہ رکھتا ہے تو اس کا نام خراب کرنے میں ان کو مہارت ہے، وزیر قانون کو کوئی ضرورت نہیں تھی کہ میری تقریر کے دوران آپ کو چٹ لا کر دیں۔ چٹ پر شاید یہی لکھا ہوگا کہ جناب! اجلاس کل شام کو رکھیں یا پرسوں صبح رکھیں یا میں استعفیٰ دیتا ہوں، باضمیر شخص ہوں، ہمیں نہیں پتا، لیکن ---

*(interruption)*

Mr. Khalid Anwar: He was dying to take it over when Mohtarma Benazir Bhutto was the Prime Minister. She understood his nature, she understood his competence, she understood his capability and she made it a point not to appoint him because she knew him. And I respect her for that. We are listening very quietly, very patiently but one man jumps up, he sits down. Another

man jumps up, he sits down. Is this the way to conduct the proceedings of the Senate sir? This is simply shameful.

*(interruption)*

**Mr. Chairman:** It is a very difficult task, but I would request you please, maintain the decorum of the House. Yes, Aitzaz Sahib.

چوہدری اعتراز احسن: جناب میں ذرا بھر بھی ادھر ادھر نہیں گیا ہوں۔ میں ان کے بیانات اور انگیخت کے موضوع پر ہوں لیکن ----

**Mr. Chairman:** I think, the issue is, "the statement of the Prime Minister".

چوہدری اعتراز احسن: جناب چیئرمین! میری گزارش سنیں۔ ان کو کیا حق پہنچتا ہے کہ یہ ذاتی حملہ کریں یا الزام میرے motives پر لگائیں۔ کیا وہ زیر بحث ہے۔ کہتے ہیں کہ میں وزیر قانون بننا چاہتا ہوں۔

*(interruption)*

جناب چیئرمین: دیکھیں، میں آپ سے بھی درخواست کروں گا اور ان سے بھی کروں گا کہ ذاتی حملے کسی پر نہ کئے جائیں۔ It was in a House of Parliament, we should avoid personal attack on anybody.

چوہدری اعتراز احسن: جناب! پہلے ان سے بات کی ہوتی آپ نے، پہلے ان کو خاموش کرایا ہوتا۔

جناب چیئرمین: مثلاً کسی کے بارے میں کہنا کہ شریعت بل اس مقصد کے لئے لایا گیا ہے کہ کوئی ذاتی مقصد ہے، وہ بھی ذاتی حملہ ہوتا ہے۔

چوہدری اعتراز احسن: جناب ذاتی ہے۔

جناب چیئرمین: میں ان کو بھی ذاتی حملے کہوں گا۔ So, I would request everybody, avoid personal attacks, come to the issue which is under discussion.

چوہدری اعتزاز احسن، جناب چیئرمین! آپ بہرحال اس ہاؤس کو عزت بھی بخشتے ہیں' یہ بات ہم ہر دفعہ کہتے رہے ہیں۔ لیکن ہمارے جو دوست ہیں وہ اس کو پانچویں چھٹی جماعت نہ سمجھیں کہ یہ prefect ہے اور آپ کلاس ٹیچر ہیں۔

**Mr. Chairman:** No, I never claimed to be a headmaster or class teacher. You are my colleagues and that is why it is more difficult to -------

ہیڈ ماسٹر تو رعب چلاتا ہے ' میں رعب نہیں چلاتا۔ I keep requesting you that in the interest of the proper functioning of the House, unless we all participate in making the House in order to run the proceedings.

چوہدری اعتزاز احسن، جناب چیئرمین! صرف ایک گزارش ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مجھے بہت خواہش ہے ان کی جگہ بیٹھنے کی۔ خدا کی قسم نہیں ہے۔ کیوں؟ اگر میں وہاں بیٹھوں نواز شریف کے ساتھ بالفرض تو میں ان کا مخالف ہوں' میں ان کی حکومت کو ضرور subvert کروں گا۔ لیکن ان سے بہتر میں نہیں کرسکتا۔ یہ جو بیٹھے ہیں۔ الحمدللہ! اللہ کرے یہ ادھر بیٹھے رہے ہیں۔ ان کو یہاں سے تبدیل نہ کریں نواز شریف' ہماری تو دعا ہے۔ یہ بڑی خوشی کی بات ہے۔

*(interruption)*

**Mr. Khalid Anwar:** We know what were the consequence of that advice, we know how the Government was dismissed, we know how ably it was decided. We know the result of the elections in which the Peoples Party was wiped out from Punjab, Peoples Party was wiped out from Frontier, Peoples Party was wiped out from Balochistan, they don't have a single member and now what is their objection, the Prime Minister appeals to the people of Pakistan to support him on the Shariat Bill. They can't bear this. They want that a party which represents no one apart from the small segment of one province, they want that that party should dictate what is going to happen in the Senate.

جناب چیئرمین: اعتزاز صاحب! اسے conclude کریں مہربانی کرکے۔

چوہدری اعتزاز احسن: جناب! کچھ ان کی سرزنش بھی ہونی چاہیے۔ آپ کی تمام سرزنشیں کیا صرف صفدر عباسی اور رضا ربانی کے لئے رہ گئی ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں صرف صفدر عباسی کے لئے۔.Not for Raza Rabbani

چوہدری اعتزاز احسن: نہیں، رضا کو بھی آپ نے آج بہت ڈانٹا ہے کہ جی بیٹھو بیٹھو۔

جناب چیئرمین: وہ دوستی میں کہا ہے۔

Ch. Aitzaz Ahsan: But none for the jack in the box. Jack in the box will come out of the box.

Mr. Chairman: No, no, let us please conclude this.

چوہدری اعتزاز احسن: جناب! وہ تو ہوتا ہے ۔ جناب میں عرض کر رہا تھا شریعت بل اور نواز شریف بل کے بارے میں ۔ جناب خواجہ صاحب کی خاص توجہ کے لئے ہے، یہ چھ پوائنٹ بل ہے۔ اس کا پہلا پوائنٹ جناب چیئرمین! میں نے عرض کیا ہے ۔ پارلیمان کے خلاف سازش ہے اور یہ جو انگیخت کر رہے ہیں یہ انگیخت، یہ incitement ہے، this is violence against parliamentarians. دوسرا، جو اس کا پوائنٹ ہے جناب چیئرمین! اس سے بھی زیادہ مہلک ہے، زہر ہلاہل ہے۔ وہ ایک ایسی سازش، ایسی سوچ کی نمائندگی کرتا ہے اور ان بیانات میں، جو بیانات زیر نظر ہیں اس کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب چیئرمین! ان سے وہ نکل کر آ رہے ہیں۔ شیشے میں جس طرح آپ دیکھیں، صاف شیشہ ہو اور صاف نظر آئے ، نواز شریف صاحب کا چہرہ ان بیانات میں اور ان کا یہ منصوبہ صاف نظر آتا ہے کہ Raiwind Farm اور وفاق پاکستان ایک دوسرے کی ضد ہوگئے ہیں۔ جو فتوے وہاں سے آ رہے ہیں۔ جو فتوے وہاں سے آ رہے ہیں ، ان کے بیانات سے عیاں ہے کہ رائے ونڈ کے ابا جی کے فتوے اور پاکستان ، ایک دوسرے کی ضد بن جائیں گے۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں، آپ شریعت بل پر بحث کر رہے ہیں۔

I would request you to confine to the issue.

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب والا! میں نے اپنی تقریر کے آغاز میں عرض کیا تھا کہ آپ نے ابھی ایک ہی رولنگ دی ہے۔

Mr. Chairman: As a special gesture, I asked you to address the House

تحریک استحقاق تو اتنی لمبی نہیں ہوتی۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب! یہ کوئی special gesture نہیں ہے۔ یہ میرا حق ہے۔

جناب چیئرمین۔ یہ موقع آنا ہے جب we will have a detailed debate on it. یہ ساری باتیں ہوں گی۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جناب ! میں نواز شریف کے بیان سے نہیں ہٹا ۔ ہٹے وہ ہیں جو درمیان میں ذاتیات کو لے آئے ہیں ۔آپ نے مہربانی اور مائل بہ کرم نظروں کے ساتھ ان کی طرف دیکھتے ہوئے ان کی باتیں سنیں ، اب تھوڑا سا مائل بہ کرم ادھر بھی ہو جائیں۔

جناب والا ! میں نے اپنی تقریر کے آغاز میں عرض کیا تھا کہ آپ نے دو رولنگ دی ہیں۔ ایک میں نے اسی وقت آپ کو یاد دلائی اور اس رولنگ کے متعلق میں نے عرض کیا کہ آج آپ نے کہا ہے کہ نثار محمد خان کچھ کہے تو وہ آپ پر لازم ہے ، آپ تسلیم کریں گے۔

دوسری رولنگ میں نے آپ کو ابھی تک یاد نہیں کرائی۔ اس کی یاد داشت میں نے محفوظ رکھی ہوئی ہے ۔ اس پر میں نے ابھی آنا ہے۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ he wants to be examined an oath. آپ oath کو لے لیں۔

جناب والا! اب میں دوسری رولنگ پر آتا ہوں جو آپ نے آج دی ہے لیکن جناب چیئرمین! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دوسرا نکتہ ، چھ نکات میں وفاق سے تصادم کا ہے ۔ وہ ان بیانات میں ہے۔ وفاق سے تصادم اس ہاؤس کے لئے استحقاق کا مسئلہ بنتا ہے کیوں کہ یہ ہاؤس، اور آپ کئی مرتبہ اس پر رولنگ دے چکے ہیں ۔ جناب چیئرمین ! وفاق کی علامت ہے ۔ اس ہاؤس میں سارے صوبوں کی برابر نمائندگی ہے ۔ بلوچستان کی آبادی کم ہے ، نمائندگی برابر ہے ، پنجاب کی آبادی سب سے زیادہ ہے نمائندگی برابر ہے۔ اس میں سب صوبے برابر آتے ہیں

۔ ایسا کیوں ہے؟ یہ اس لئے ہے کہ یہ وفاق کی علامت ہے ۔

نواز شریف صاحب کیا کہتے ہیں ؟ وفاق سے ضد کیوں رکھتے ہیں ؟ وفاق کی ضد کی بنیاد پر یہ incitement کیوں کرتے ہیں ؟ مالاکنڈ اور مالم جبہ میں یہ بیان کیوں دیتے ہیں ؟ اس لئے جناب چیئرمین ! کہ یہ وفاق ٹوٹے ، وفاقی ڈھانچہ ختم ہو ، وفاق کے علاوہ رستے نکالے جائیں۔ ایک وفاق آئین کے تحت ہے ۔ آج کی آپ کی رولنگ ہے ، جب جہانگیر بدر صاحب بات کر رہے تھے ، آپ نے بار بار فرمایا کہ جو بھی آپ رستہ ڈھونڈیں، آئین کے ذریعے ، آئین کے طریق کار کے مطابق ڈھونڈیں۔ جناب چیئرمین ! یہ نواز شریف کے جو بیانات ہیں کہ نکلو ، ان کو گھروں میں بند کر دو ۔ یہ لوگوں کو محبوس کرنے کا جو عندیہ ، جو انگیخت ، جو incitement لوگوں کو وہ کر رہے ہیں یہ وفاق سے ضد کا دوسرا پوائنٹ ان کا ہے جو 6 points میں سے ہے ، جو اس privilege motion سے بھی منسلک اور مطابقت اور مناسبت رکھتا ہے ، directly relevant ہے اور جناب چیئرمین ! نواز شریف کے ان بیانات سے بھی وہ ابھر کر نکلتا ہے۔ تیسرا six point formula Prime Minister کا ہے وفاق کو کمزور کرنے کا۔ اس کو ادھیڑنے کا؛ رائے ونڈ کی سیاست کو بالا دست بنانے کا اور رائے ونڈ سے میری مراد رائے ونڈ فارم ہے ۔ایک شخصیت ، ایک خاندان کی حکمرانی لانے کا، خاندان مغلیہ ہوا ، خاندان غلاماں ہوا، یہاں اب خاندان رائے ونڈ فارم آنا چاہتا ہے۔ تو تیسرا نقطہ ان کا جناب چیئرمین! یہ ہے کہ ان بیانات کے ذریعے وہ اسلام کو استعمال کر کے ، اسلام کے الفاظ کو ، اسلام کے ساتھ لوگوں کے جذباتی لگاؤ کو استعمال کر کے وہ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں جو سسٹم اس وقت چل رہا ہے پارلیمانی نظام کا اس کو ختم کیا جائے ۔

چوتھا نقطہ جناب چیئرمین یہ ہے۔ ان سب چھ نقاط میں ، پہلا میں نے عرض کیا پارلیمنٹ کے خلاف سازش، دوسرا وفاق کے خلاف سازش ، تیسرا اسلام کے خلاف سازش، اسلام کو ذاتی مقاصد کے لئے استعمال کرنا ، چوتھا یہاں آئین کی تنسیخ ، پاکستان میں آئین کی تنسیخ ان کے بیانات سے صاف ظاہر ہے۔ بیان دیتے ہیں۔ کیا دیتے ہیں کہ یہ راستہ تو آئینی ہو گا ، آپ بھی ابھی فرما رہے تھے ruling میں ۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ طریقہ ہے change کرنے کا۔ وہ کہتے ہیں نہیں۔ طریقہ change کرنے کا یہ ہے کہ ان کو قابو کرو۔ یہ لوگ ہیں ، یہ گروہ ہے جو اس کی مخالفت کرتا ہے۔ ان کو پکڑو۔ ان کو بند کرو۔ ان کا گھیراؤ کرو۔ یہ آئین کی تنسیخ کا طریقہ

ہے۔

جناب چیئرمین! پانچواں اس ملک میں نواز شریف اب یہ جانتے ہوئے کہ اگر یہ ادارے باقی رہتے ہیں ، اگر پارلیمنٹ کا ادارہ رہتا ہے ، اگر سول اور ملٹری بیوروکریسی رہتی ہے ، اگر یہاں جمہوریت رہتی ہے ، اگر یہاں آئین رہتا ہے ، اگر یہاں عدلیہ رہتی ہے تو پھر بہت سارے checks and balances ہیں جن کے ہوتے ہوئے وہ اپنے اقتدار کی ہوس پوری نہیں کر سکتے۔ مطلق العنانی کی ہوس پوری نہیں کر سکتے ۔ اور مطلق العنانی ان کے ان بیانات میں جھلکتی ہے ، ٹپکتی ہے۔ وہ مطلق العنانی کا خواب اور ہوس ان کی پوری نہیں ہوتی۔ لہذا ، پانچواں نقطہ یہ ہوا کہ اس ملک میں خانہ جنگی کرائی جائے۔ اس دھرتی پر جب خانہ جنگی ہو گی، اور یہ ان کے بیانات میں صاف ظاہر ہے، civil war وہ چاہتے ہیں کہ یہاں طوائف الملوکی ایک دفعہ پھیلے اور یہاں سارے ادارے ختم ہوں۔ جو اس وقت اس ملک میں ایک مہذب معاشرے کو سہارا دیئے ہوئے ہیں، اس کو کوئی ساخت دیئے ہوئے ہیں، کوئی شکل دیئے ہوئے ہیں۔ وہ تمام ختم ہوں۔ بار بار اپنے بیانات میں کہتے ہیں کہ میں کیسے انصاف دے سکتا ہوں جب عدالتیں ان کو سزا نہیں دیتیں۔ اس لڑکی کا rape ہوا اور وہ ملزم عدالت نے چھوڑ دیئے۔ وہاں میں نے فیصل آباد میں ہتھکڑیاں لگائیں اور عدالت نے چھوڑ دیئے۔ عدالتوں کے خلاف انگیخت کر رہے ہیں۔ پارلیمنٹ کے خلاف انگیخت کر رہے ہیں۔ پھر کہتے ہیں کہ وہ لوگ کہاں ہیں جو کہتے تھے بلاؤ defence committee کے اجلاس۔ یہ کس کے خلاف اشارہ ہے۔ فوج کے خلاف وہ لوگوں کو انگیخت کر رہے ہیں۔ جیسے جہانگیر بدر نے کہا کہ

گلیاں ہو جان سنجیاں ، وچ مرزا یار پھرے

چھٹا پوائنٹ ہے جناب! کہ ان کی شہنشاہیت ہو۔ جب سب کچھ مسمار ہو جائے گا، جب سب کچھ ٹوٹ جائے گا، جب سبکچھ منہدم ہو جائے گا تو بیچ میں مرزا یار پھرے گا۔ یہ ان کا خواب ہے۔ اس خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے ان کے ساتھ بہت سی آوازیں مل گئی ہیں۔ بد قسمتی سے کچھ آوازیں یہاں بھی بیٹھی ہیں۔ معتبر لوگ ہیں، معزز لوگ ہیں، عزت والے ہیں۔ لیکن کیا کہیں، مجبور ہیں، چودھویں ترمیم سے ڈرتے ہیں ، کس کس سے نہیں ڈرتے ہیں۔ اور علامہ اقبال نے یہ اسی لیے کہا کہ ---جناب چیئرمین ! الحمد للہ کہ نیازی صاحب کھڑے ہوگئے، علامہ اقبال نے کہا کہ

واعظوں میں وہ تکبر کہ الٰہی توبہ
اپنی ہر بات کو آواز خدا کہتے ہیں
بغض للہ کے پردے میں عداوت ذاتی
دین کی آڑ میں کیا کرتے ہیں کیا کہتے ہیں
علامہ اقبال نے کہا جناب چیئرمین ! اور علامہ اقبال نے پھر کہا
(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** مولانا صاحب! تشریف رکھیں ، یہ ختم کرنے والے ہیں۔ اعتزاز صاحب۔

**جناب اعتزاز احسن:** آگے بھی علامہ اقبال نے ہی کہا --- ہم تو الحمدللہ جب یہ تیرو تفنگ چلائیں گے ، ہماری ڈھال ہے ، قائد اعظم ہے، وہ ہمارے سامنے کھڑے ہیں ، ہم ان کے سائے میں کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا ، علامہ اقبال نے کہا
واعظوں میں وہ تکبر کہ الٰہی توبہ
اپنی ہر بت کو آواز خدا کہتے ہیں
بغض للہ کے پردے میں عداوت ذاتی
دین کی آڑ میں کیا کرتے ہیں، کیا کہتے ہیں
تیرے بندوں کا جو یہ حال ہے اے شافع حشر
میرے جیسوں کو تو کیا جانئے کیا کہتے ہیں
جناب چیئرمین ! میں اسی پر ختم کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جناب جمالی صاحب کچھ فرمانا چاہ رہے ہیں۔ جی جمالی صاحب! فرمائیے۔

**میر ظفر اللہ خان جمالی:** میں اپنے colleague اور دوست کا احترام کرتے ہوئے کہوں گا ، شاید ہم سے چار جماعتیں زیادہ پڑھا ہوا ہو ، چونکہ وہاں سے یہ اعتراض ہوا کہ پڑھا لکھا وزیراعظم ہونا چاہیے۔ زیادہ پڑھا لکھا ہونا بھی جہالت کے قریب ہوتا ہے۔ انہوں نے اس طرف اشارہ کرکے برملا کہا ہے کہ یہ یہاں پر دبک کے بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان میں کسی کو جرات نہیں

ہے ۔ کیا میں اس آدمی سے پوچھ سکتا ہوں کہ اس کو یہ جرات کیسے ہوئی کہ ہماری جرأت کے بارے میں بات کرے۔ Who is he?

(مداخلت)

**میر ظفراللہ خان جمالی :** میں نے ان کی جرات بھی دیکھی ہوئی ہے۔ جب آپ کسی کیس میں پکڑے گئے تھے رات کو، وہ رہنے دیں ، میں سب کچھ جانتا ہوں۔ رہنے دیں ۔ جب آپ کا tenure تھا، یہاں پر گواہ بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ آرام سے بیٹھیں ۔

تو جناب والا ! میری گزارش ہے کہ جب یہ بات کرتے ہیں تو ہم بڑے صبروتحمل سے سنتے ہیں۔ ہماری گزارش ان سے یہ ہے کہ جب یہ بات کرنا چاہیں، کسی کو pinpoint کرنا چاہیں تو ان کو اجازت ہے، as a senator ان کا right ہے مگر ازراہ مہربانی سب کو ایک لاٹھی سے نہ ہانکیں کیونکہ سب ان جیسے نہیں ہیں۔ یہ میری آپ سے گزارش ہے۔ آئندہ شاید اتنا بھی سننا گوارہ نہ کریں ۔

**چوہدری اعتزاز احسن :** جناب چیئرمین ! میں صرف وضاحت کروں گا۔

اس عہد کے یزید کے ساتھی بھی ہو گئے

اور نام بھی ادب سے لیا ہے حسین کا

**جناب چیئرمین،** جناب مولانا صاحب ۔

**مولانا عبدالستار خان نیازی۔** انہوں نے جنرل بات کی ۔ ہفتے بھتے، میں جتانا چاہتا ہوں (فارسی) تو XXXXX ہے ۔ XXXXX کرتا ہے ہمارے خلاف۔ میری بات سنو۔۔۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین ۔** ایک منٹ، میری بات سنو، کسی سینیٹر کو XXXX کہنا I am expunging those words...

**چوہدری اعتزاز احسن۔** نہیں نہیں، expunge نہیں. He should apologise.

(مداخلت)

**جناب چیئرمین ۔** اعتراز صاحب ! میرے اختیار میں جو بات ہے میں وہ بات کر سکتا ہوں ۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ پھر ان کو نکالیں باہر۔

(مداخلت)

چوہدری اعتزاز احسن۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔میرا جو اختیار ہے ----

چوہدری اعتزاز احسن۔میں نے ایک بات ایسی نہیں کی جو اسلام کے خلاف ہو یا جس میں کوئی ایسی بات ہو ۔

جناب چیئرمین۔ اسی لیے I am expunging those words.

(مداخلت)

چوہدری اعتزاز احسن۔ XXXXX کا کیا مقصد ہے۔ یہ عالم ہیں ۔ یہ عالم دین ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین ۔ مولانا صاحب ! کسی سینیٹر کو XXXXX کہنا مناسب نہیں ۔ لہذا میں نے expunge کر دیا ہے ۔

چوہدری اعتزاز احسن۔نہیں۔ نہیں یہ معافی مانگیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: I have expunged the word.

Ch. Aitzaz Ahsan: No, sir, no. He has to apologise.

جناب چیئرمین۔اعتزاز صاحب ! میرے اختیار میں جو ہے میں وہی کر سکتا ہوں۔

Ch. Aitzaz Ahsan: You make him apologise.

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔مولانا صاحب! کسی کو XXXXX کہنا مناسب نہیں۔

---

*(***Expunged by orders of the Chairman.)*

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ میں یہ الفاظ واپس لیتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔چلیں واپس لے لیں۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔انہوں نے علماء کو علماء سو ، یزید کیوں کہا، میں سمجھتا ہوں۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ انہوں نے الفاظ واپس لے لئے۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے غلط بات کی ہے ۔ انہوں نے الزام لگایا ہے۔ انہوں نے علماء کو یزید کہا ہے ۔ ہم علماء حق ہیں ۔ ہم حق کے لئے حق کی بات کہتے ہیں۔ہم یہ کہتے ہیں کہ کوئی شخص کہیں سے بھی ہو، کہیں کا بھی ہو ؛ قرآن و سنت کی بالادستی کو تسلیم نہیں کرتا تو وہ بے ایمان ہے۔ وہ کافر ہے۔ کوئی ہو۔

جناب چیئرمین۔شکریہ ،جی جناب ۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔میں آپ کے خلاف جا سکتا ہوں ۔ نواز شریف کے خلاف کہہ سکتے ہیں لیکن قرآن و سنت کی بالادستی پر ان کا فقرہ حملہ ہے ۔اس سے انکار نہیں کر سکتے۔بار بار تمہارا یہ کہنا۔۔۔

جناب چیئرمین۔اس سے کوئی نہیں کر رہا۔ قرآن و سنت سے کوئی اختلاف نہیں کر رہا۔

مولانا عبدالستار خان نیازی۔ علماء سو بھی کہتا ہے۔میں کہتا ہوں کہ یہ XXXX ہے۔ علماء سو ہمیں کہتا ہے۔ کبھی کہتا ہے کہ یزید ہیں۔تم خود یزیدی ہو ، تم خود سوء ہو ، بد ہو، اس لئے میں نے آواز اٹھائی کہ آپ نے بار بار کہا کہ علماء سوء ہیں، یزیدی ہیں۔ہم کلمہ حق بلند کرتے ہیں۔ہر ایک کو کہتے ہیں کہ ادھر ہو یا ادھر ہو ، جو شریعت کو تسلیم نہیں کرتا۔تم جانتے نہیں ہو کہ تمہارے جد امجد دین کو ماننے والے تھے تو ہمیں علماء سو کہتے ہو۔ ہمیں یزید کہتے ہو۔ ہم کہتے ہیں۔تم یزیدی ہو، تم قارون ہو،۔۔

جناب چیئرمین۔پلیز مولانا صاحب! بات ہو گئی۔۔۔

---

(***Expunged by orders of the Chairman.)

(مداخلت)

**جناب چیئرمین**۔جی اجمل خٹک صاحب۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک**۔جناب چیئرمین! میں اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتا۔ میں آپ کی توجہ دلانے کے لئے اٹھا ہوں۔ ہمیں *** کہا گیا۔

**جناب چیئرمین**۔وہ میں نے expunge کردیئے ہیں اور انہوں نے واپس بھی لے لئے ہیں۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک**۔جناب *** بہت بڑا الزام ہے۔ جو شریعت کی مخالفت کرتا ہے وہ بالکل *** بھی ہے، کافر بھی ہے اور مرتد بھی ہے۔ اسلام کو جو نہیں مانتا وہ کافر بھی ہے، مرتد بھی ہے *** بھی ہے۔ یہ سب صحیح ہے۔ لیکن یہاں جس سوال کے لئے میں اٹھا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ کہا گیا کہ یہ *** ہے۔ وہ جب تک *** کے لفظ کی معافی نہیں مانگیں گے، میرے خیال میں ایک محب وطن کے لئے، ایک مسلمان کے لئے، ایک ایماندار کے لئے، ایک شریف انسان کے لئے، ایک مہذب کے لئے *** سے زیادہ خطرناک لفظ اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ یہ شخص معافی نہیں مانگتا ہم اس کو معاف نہیں کریں گے۔

**جناب چیئرمین**۔انہوں نے الفاظ واپس لے لئے ہیں۔

**مولانا عبدالستار خان نیازی**۔میری بات سنو۔ (فارسی)

**جناب چیئرمین**۔انہوں نے وہ الفاظ *** واپس لے لئے ہیں۔ میں نے ویسے بھی حذف کر دیئے ہیں لیکن انہوں نے واپس لے لئے ہیں۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک**۔انہوں نے کہا ہے الفاظ واپس لیتا ہوں۔

**جناب چیئرمین**۔جی ہاں، انہوں نے کہا ہے، واپس لے لئے ہیں اور میں نے ویسے بھی حذف کردیئے ہیں۔

**مولانا عبدالستار خان نیازی**۔خٹک صاحب! میں نے اقبال کا ایک شعر پڑھا ہے۔ انہوں نے ہمیں یزیدی کہا، علمائے سوء کہا۔۔۔

---

*(***Expunged by orders of the Chairman.)*

(مداخلت)

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ جناب چیئرمین ! میں مولانا صاحب کو بچپن سے جانتا ہوں ۔ آپ علمائے حق میں سے ہیں ، آپ مجاہدوں میں سے ہیں ۔ آپ ہر لحاظ سے ہمارے لئے قابل احترام ہیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ باقی چھیڑنے کی بات نہیں ہے۔ آپ کا وفد میرے پاس سلیم اللہ خان کی قیادت میں آیا تھا ۔ اس نے میرے سامنے کہا کہ یہ جو چیز ہے یہ شریعت بل نہیں ہے۔ آپ آتے تو آپ بھی یہی کہتے ۔ میں صرف یہ آپ سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ *** کا لفظ میں نے سنا ہے ، آپ نے یہ کہا ہے کہ یہ *** ہیں ۔ اس کو *** کہنا ہمیں *** کہنا ہے ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین ۔ جو الفاظ واپس لئے جا چکے ہیں ان کا اعادہ نہ کیا جائے ۔ میں کہتا ہوں کہ انہوں نے واپس لئے ہیں اور میں نے expunge بھی کر دیئے ہیں ۔

(مداخلت)

مولانا عبد الستار خان نیازی۔ میری بات سنو ، میں نے فارسی کا شعر پڑھا ہے ۔

(فارسی شعر)

میں نے یہ بھی کہا کہ ان کا والد میرے ساتھ رہا ہے ۔ وہ شریعت کے پابند تھے ۔ ہم نے عہد کیا ہے کہ جو شریعت کی مخالفت کرے ، ادھر سے ہو یا ادھر سے ہو ، کہیں سے ہو ، وہ مسلمانی سے باہر ہے ۔ میں ان کو نہیں کہتا ۔ میں نے شعر پڑھا ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ یٰسین وٹو صاحب ۔

جناب محمد اجمل خان خٹک ۔ فیصلہ کیا ہوا ۔

جناب چیئرمین ۔ فیصلہ یہ ہے کہ انہوں نے الفاظ واپس لے لئے ہیں ۔ اور ویسے بھی میں نے حذف کر دیئے ہیں ۔ جناب یٰسین وٹو صاحب ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ جناب چیئرمین ! موضوع بحث کیا تھا ، اس کے دلائل کہاں سے لائے گئے ۔ حقائق کس طریقے سے توڑ موڑ کے پیش کئے گئے ۔ اور جناب والا ! میں

*(***Expunged by orders of the Chairman.)*

عرض کر رہا ہوں کہ الفاظ اس طرح استعمال کئے گئے کہ تعصب ان کے ایک ایک لفظ سے واضح ہو رہا تھا - لیکن اس بنیاد کو چھوڑ دیا گیا جو موضوع زیر بحث ہے۔ آپ کا اعتراض کیا ہے - میں استدعا کروں گا جناب والا! ان کا privilege motion کیا ہے - ہمارے اعتزاز احسن صاحب، شیخ آفتاب صاحب اور باقی ان کے بارہ ساتھیوں کا، تاکہ موضوع زیر بحث کا تعین ہو جائے

اور پھر ہم دیکھ لیں کہ جو کچھ کہا گیا ہے اس کا تعلق اس موضوع کے ساتھ کیا ہے - اب یہ جو یہاں رسم چلی ہے کہ کوئی موضوع چل نکلے تو ساری دنیا کی باتوں کو اس میں لا کر irrelevant بات کی جائے تو یہ شاید ایوان کے لیے زیادہ مناسب نہیں - ایک مسئلہ ہے، اس سے relevant بات کی جائے۔ اس کا حل ہو جائے پھر دوسرا مسئلہ آئے۔ اب اس میں جناب! ان کا ارشاد یہ ہے، چودہ ممبر صاحبان کا کہ

"The breach of privilege has been committed as the Prime Minister stated, while addressing two separate public meetings that" now you must make them pass the bill, he further said again "if the Senate does not pass the bill, you people would make the Senators pass it because they are the representatives".

اس سے جناب! میں یہاں یہ عرض کروں کہ ایک بات واضح ہے کہ اسی ایوان نے بل کو پاس کرنا ہے - اس ایوان کو یہ اختیار ہے - اس ایوان کے اختیار کا ذکر ہے - ممبران کے حق کا ذکر ہے کہ یہ بل تب پاس ہونا ہے جب اس ایوان کے ممبر اس کو پاس کریں کیوں کہ وہ ایوان کے نمائندے ہیں - اور ان کے اعتراض کے مطابق بھی میاں نواز شریف عوام کو کہہ رہے ہیں کہ آپ اپنے نمائندوں کو کہیں کہ وہ اس بل کو پاس کریں۔ اب جناب والا! یہ تو عام جمہوری طریقہ ہے - ہمارے آئین کے مطابق میں آپ کی توجہ ـــــ

جناب چیئرمین - پلیز، آرام سے سنیں جی -

میاں محمد یٰسین خان وٹو - آپ سنیے جناب - ذرا بات تو سنیے -

جناب چیئرمین - جہانگیر بدر صاحب! بات تو سن لیں -

میاں محمد یٰسین خان وٹو - تو جناب والا ! Objective Resolution کی طرف میں ان کی توجہ دلاتا ہوں کہ پاکستان میں حاکمیت کس کی ہے اور پھر چند لفظ آپ کی اجازت

سے پڑھوں گا - Whereas sovereignty over the entire universe belongs to Allah Almighty alone and the authority which he has delegated to the state of Pakistan through his people for being excercised within the limit prescribed by Him is a sacred trust. میں عرض کروں گا کہ ہمارے آئین کے مطابق Objective Resolution کے مطابق جو اب substantive حصہ ہے ہمارے آئین کا ساری حاکمیت اللہ کریم کی ذات کی ہے۔ اور اللہ کریم نے یہ امانت پاکستان کی سٹیٹ کو اور اس کے عوام کو دی ہے۔ اس سے آگے میں عرض کرتا ہوں ---

**جناب چیئرمین۔** جہانگیر بدر صاحب! I request you پہلے بات سن لیں۔ بعد میں تبصرہ ہو گا تب دیکھ لیں گے ۔ پہلے بات سن لیں ۔ نہیں، نہیں، کوئی پوائنٹ آف آرڈر ابھی نہیں ہو گا ۔ان کی تقریر ہو رہی ہے ۔ پلیز، request کرتا ہوں ۔ آپ بڑے منجھے ہوئے سیاستدان ہیں ۔ میں request کرتا ہوں ۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب والا! میں ہمیشہ اپنے دوستوں کا اعتراض اور ان کی تنقید بڑی خاموشی سے سنتا ہوں ۔ ان کو موقع دیتے ہیں ۔ لیکن اگر پندرہ تقریروں کے بعد بھی ہماری طرف سے ایک تقریر ہوتی ہے تو انہیں اس کو سننے کا حوصلہ نہیں ہوتا ۔ ذرا اپنے جذبات کو کنٹرول میں رکھیں ۔ آپ کی بہت ساری باتیں کئی دفعہ ناروا بھی ہوتی ہیں ۔ الفاظ بھی سخت ہوتے ہیں ۔ ہم سنتے ہیں، آپ بھی سنیے۔ میں حتی الوسع کوشش کرتا ہوں کہ الفاظ کا استعمال زخمی کرنے والا نہ ہو دوستوں کے جذبات کو ۔ میری بات سنیں۔ اس سے ہماری بحث کا معیار بہتر ہو گا اور ہم ایک دوسرے کی بات کو بہتر سمجھ سکیں گے ۔ پھر جناب والا! Objective Resolution میں ہے wherein the state shall exercise its powers and authority through the choosen representatives of people. یہ تین ہمارے ہاں اتھارٹیز ہیں یا تین sources ہیں سب سے پہلے تو حاکمیت اللہ کے لیے پھر اللہ کریم کی طرف سے یہ حاکمیت تفویض کی گئی ہے عوام کو اور عوام اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے یہ حق استعمال کرتے ہیں ۔ اب جناب والا! میاں محمد نواز شریف نے ہر جگہ پر کہا کہ میں عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ نمائندوں کو کہیں ۔اب اگر ہمارے دوست اتنے حساس ہو جائیں کہ وہ یہ چاہیں کہ عوام کو ایک دفعہ

ہمیں منتخب کرنے کا تو حق ہے ۔لیکن پھر ہم سے بات کرنے کا حق نہیں ہے۔ہم کو کہنے کا حق نہیں ہے کہ رائے عامہ یہ ہے کہ آپ ہماری رائے کا احترام کریں ۔تو میں یہ سمجھتاہوں کہ وہ خود اپنی نفی کررہے ہیں ۔میاں نواز شریف صاحب نے تو یہ کہا ہے کہ میں عوام کو کہتا ہوں کہ وہ پاکستان کے اپنے نمائندوں سے کہیں کہ وہ شریعت بل پاس کریں ۔ہم روز جناب والا! یہاں بحث کرتے ہیں، کوئی موضوع لاتے ہیں، میں بحث کرتا ہوں کہ میرے یہ یہ دلائل ہیں آپ ہمارے ساتھ تعاون کریں ۔آپ روز کہتے ہیں کہ ہمارے یہ یہ دلائل ہیں آپ ہمارے ساتھ تعاون کریں ۔اگر آپ نے مخالف رائے پر اس قدر قدغن لگا دی کہ وہ اگر کوئی بات کہیں تو ہم یہ سمجھیں کہ ہمارا اس سے استحقاق مجروح ہو جائے گا ۔جناب والا! بحث کا ' مناظرے کا' ان ساری چیزوں کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا ۔پھر جب کسی نے کسی سے اختلاف کرنا ہے تو اس کی بات نہیں ماننی ۔ کہیں میں آپ کی باتیں نہیں مانتا' کہیں آپ میری باتیں نہیں مانتے ۔لیکن ہم آپس میں بحث کرتے ہیں' بات کرتے ہیں۔ آپ نے جناب والا! دیکھا کہ قومی اسمبلی میں یہ بل تقریباً ڈیڑھ مہینہ زیر بحث رہا ۔وہاں تقریریں ہوئیں' وہاں debate ہوئی' عوام میں debate ہوئی ' پریس میں debate ہوئی' سکالرز نے debate کی اور آخر کار نتیجہ کیا نکلا کہ دو شقیں جو قابل اعتراض تھیں' سب سے زیادہ ایک یہ کہ فیڈرل گورنمنٹ کو directive کا اختیار نہ ہو اور دوسرا یہ کہ آرٹیکل 239 کی ترمیم نہ کی جائے کہ میجارٹی سے آئین میں ترمیم ہو سکے۔ ان دو باتوں پر بہت اعتراض ہوا اور پھر حکومت نے' میاں نواز شریف نے ان اعتراضات کو تسلیم کر لیا اور ان کو قانون سے نکال دیا۔ انہیں ہم نے اس بل میں سے نکال دیا۔

(مداخلت)

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ سنیے' میں مثال دے رہا ہوں جناب! کمال ہے 'میں دلیل کے طور پر بات کر رہا ہوں ۔ ربانی صاحب سے تو اس بات کی توقع نہیں کہ وہ یہ کہتے ۔میں مثال دے رہا ہوں کہ بحث مباحثے سے ہم نے بات کو مانا ہے ۔اور ایک اعتراض جو اس وقت کیا جارہا تھا کہ directives کا اختیار گورنمنٹ یا وزیراعظم کو ہو گا ۔اور اس سے نتیجہ اخذ کیا جارہا تھا کہ سینٹ کے اختیارات کم ہو جائیں گے ۔ اگر سینٹ کے یا عدالتوں کے بھی اختیارات کم ہو تے تھے تو ہم نے اس چیز کو واپس لے لیا ہے ۔ اب بھی یہ بحث جاری ہے' اس ایوان میں بحث ہو رہی ہے' اس ایوان سے باہر بحث ہو رہی ہے' اخبارات میں بحث ہو رہی ہے' سکالرز بحث کر رہے

ہیں، علماء بحث کر رہے ہیں ۔ لیکن اب ضد میں آ کر یہ بات کہنا کہ ہم تو اس بل کی ہر قیمت پر مخالفت کریں گے ۔ یہ بات ضد کے طور پر جائز نہیں ہے، دلیل کے طور پر جائز ہے ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ جو انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ میاں نواز شریف نے--- اور اسی طرز پر جو میں اب عرض کر رہا ہوں شیخ آفتاب صاحب کا بھی privilege motion تقریباً اسی طرح کا ہے۔

جناب چیئرمین۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ it amounts to a threat.

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ threat کیسے ہے۔ عوام کو یہ کہنا کہ آپ اپنے نمائندوں کو---- میں نے جناب! وہ الفاظ پڑھے ہیں، اس میں بھی پڑھے ہیں، میں ان کا موشن بھی پڑھ دیتا ہوں، چلیے، ایسا ہے اب یہ بل سینٹ سے منظور ہو گا ۔ ہم نے قومی اسمبلی سے شریعت بل پاس کرا لیا ہے ۔اب یہ بل سینٹ سے منظور ہو گا اور اب یہقوم کی ذمہ داری ہے کہ سینٹ سے شریعت بل کی منظوری کے لئے وہ اپنا کردار ادا کرے ۔ اب قوم کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہمنظوری کے لئے اپنا کردار ادا کرے ۔انہوں نے کہا کہ یہ ملک اللہ کے نام پر حاصل کیا گیا، کہا تھا کہ نہیں۔ عوام کی طرف سے جواب ملا کہ اللہ کے نام پر حاصل کیا گیا ہے۔ جناب! اس میں بھی آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ انہوں نے یہ کہا کہ اب یہ قوم کی ذمہ داری ہے کہ وہ سینٹ سے اس بات کو منوائیں ۔ جناب والا! اب یہ بات آپ جانتے ہیں کہ یہ پریویلج کے breach کا مسئلہ ہے۔ It is a sort of criminal activity کی بات ہوتی ہے اور جب بھی کوئی ایسی liability کی بات ہو تو پھر اس کے لئے واضح الفاظ ہونے چاہئیں ۔ اگر واضح الفاظ نہ ہوں تو پھر یہی سمجھا جائے گا کہ وہ all innocent ہے جب تک کہ وہ اس کو violate نہکرے ۔ یہ کہنا کہ عوام کی رائے سے ہم سینٹ کے ممبران کو منائیں گے یا عوام سینٹ کے ممبران کو منائیں۔ اس کا مطلب یہہے کہ رائے عامہ اپنی بات ممبران تک لے آئے کہ ہم یہ چاہتے ہیں ۔اور جناب! اس سے کہاں ، کس طرح کی breach ہوتی ہے ۔ اگر انہیں یہ کہنے کا حق ہے کہ ہم یہ بل منظور نہیں کرتے تو ہمیں یہ کہنے کا حق ہے کہ ہم یہ بل منظور کرنا چاہتے ہیں ۔

حقوق کا دونوں طرف تعین کریں کہ آپ اپنے لئے جو حق مانگتے ہیں ، اپنے مخالف کے لئے اس حق کو تسلیم نہیں کرتے ۔ جناب والا! اگر یہ اس طرح کریں گے تو ہم اپنی بھی نفی

کر رہے ہوں گے ، اپنے حقوق کی بھی نفی کر رہے ہوں گے ۔ یہ بات بار بار کہی گئی کہ سینٹ کے اختیارات میں کمی ہو گی ۔ سینٹ کے اختیارات میں کیسے کمی ہو گی ۔

جناب والا! یہی میاں نواز شریف کہہ رہے ہیں ۔ انہوں نے کسی جگہ بھی یہ نہیں کہا کہ اگر سینٹ منظور نہ کرے تو ہم اس کو قانون بنا دیں گے ۔ وہ نہ یہ بنا سکتے ہیں اور نہ انہوں نے کہا ہے ۔ صرف یہ ہے کہ اس سینٹ کا اختیار ، اس سینٹ کی بالادستی کا اقرار اور اس اقرار کے ساتھ ممبر صاحبان سے یہ کہنا ہے کہ عوام یہ چاہتے ہیں ۔ عوام سے کہنا ہے کہ خدا کے بعد آپ کے پاس اختیار ہے ۔ آپ نمائندے چنیں ۔ عوام سے کہا جا رہا ہے کہ آپ اپنے اس اختیار کو استعمال کرتے ہوئے ممبر صاحبان سے کہیں کہ وہ اس سلسلےمیں اس بل کو پاس کریں ۔ جناب والا! اس میں breach کا کوئی سوال نہیں پیدا ہوتا ۔

**جناب چیئرمین۔** اس میں threat بنتی ہے کہ نہیں ۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ انگیخت کرنے والی بات ہے ۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب ! میں عرض کرتا ہوں کہ انگیخت کرنے کے لئے

—

**جناب چیئرمین۔** ڈاکٹر صاحب! please, please ڈاکٹر صاحب! مہربانی کریں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** حوصلہ ،ذرا حوصلہ ۔جناب والا! public opinion جناب والا! اگرآپ نے یہ lay down کر دیا کہ کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ عوام سے یہ اپیل کرے کہ آپ اپنے نمائندگان کو کہیں کہ آپ کی مرضی کا احترام کریں ، عوام کی مرضی اور رائے عامہ کا احترام کریں اور اس کو اگر ----

**جناب چیئرمین۔** خٹک صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک ۔** جناب والا! اس وقت فاضل وزیر صاحب اچھے دلائل دے رہے ہیں لیکن وہ خود اپنے ذہن میں بنائے ہوئے ہیں ۔ جس طرح سے دلائل دے رہے ہیں وہ یہ ہے ۔ آپ خود اندازہ لگائیں کہ ملک کے تمام اخبارات نے جو خبر دی ہے ، اس میں جو انگیخت ہے یا اشتعال ہے یا فورس کا لفظ استعمال کیا ہے یا یہ کہ ہم اس بات کے ساتھ اٹھیں ۔ یہ سب جو ہے اس بات کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ اگر یہ غلط ہے تو سیدھی سادی بات

ہے کہ وزیراعظم صاحب خود اعلان کریں کہ یہ میں نے نہیں کہے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** خٹک صاحب! جو الفاظ ہیں ان کی تشریح اس جانب سے یہ ہوئی ہے کہ یہ threat کرتے ہیں ۔ اب میں ان سے پوچھ رہا ہوں کہ اس جانب سے یہ کہا جا رہا ہے کہ وہ جو الفاظ ہیں ، وہ threat بنتے ہیں ۔ اعتزاز احسن صاحب یہ کہتے ہیں کہ یہ انگیخت کرنے والی بات ہے ۔ الفاظ تو وہی ہیں جو سامنے ہیں ۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** میں عرض کرتا ہوں جناب والا! آپ ملاحظہ فرمائیں ۔ الفاظ جو انہوں نے خود "قوموں" کے اندر لکھے ہیں ۔ وہ ہیں If Senate does not pass the bill, you people would make the senators to pass it, because they are the representatives. یہ جناب والا! نوٹ فرمائیں کہ وہ عوامی نمائندے کی حیثیت سے سینیٹر کے حقوق کو ،ان کے اختیارات کو ، ان کی رائے کی اہمیت کو تسلیم کر رہے ہیں اور عوام کے حق کو بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ رائے عامہ کیاہمیت کا ارکان اور chosen representatives کو احترام کرنا چاہیے۔ جناب ! اگر رائے عامہ کو استوار کرنے سے ، اگر رائے عام کو ایک خاص موضوع پر استوار کرنے سے بحث، تقریر اور جمہوریت کی ہر لحاظ سے نفی ہوتی ہے تو یہ غلط ہے ۔ یہ کہیں کسی لحاظ سے کوئی انگیخت نہیں ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! ایک لفظ بھی کہیں نہیں ہے کہ وزیر اعظم نے یہ کہا ہو کہ قانونکو کوئی شخص ہاتھ میں لے ، کوئی چیز ایسی کرے کہ جس کی قانون اجازت نہیں دیتا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ آپ اپنے نمائندوں کو کہیں کہ وہ اس بل کو پاس کریں۔ یہ تو جناب ! عین جمہوری بات ہے۔ جناب ! ہماری طرف سے privilege motion پیش ہوا تھا کہ اس میں ان کے اتحاد کا بیان ہے کہ اگر میاں نواز شریف امریکہ میں CTBT پر دستخط کریں تو وہ واپس نہ آئیں، ہم انہیں سمندر میں پھینک دیں گے۔ تو عرض یہ ہے کہ اسے تو کہا جا سکتا ہے کسی حیثیت سے ۔ میں سمجھتا ہو ں کہ اس میں انگیخت کا کہیں کوئی لفظ نہیں ہے ۔

**جناب چیئرمین۔** ارود کے اخبار میں exact words کیا آئے ہیں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب! اردو کے اخبار میں تقریباً یہی ہے" عوام کو میں کہوں گا کہ وہ اپنے نمائندوں کو مجبور کریں کہ وہ اس بل کو پاس کریں"۔ یعنی رائے عامہ سے

مجبور کریں، یہ نہیں کہ کہیں investigation ہو۔ اس میں یہ ہے کہ عوام کو چاہیئے کہ وہ شریعت کے مخالفین کو اس بل کی حمایت پر مجبور کریں۔ مخالفین کو۔

**جناب چیئرمین۔** یہ کون سی اخبار ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** یہ نوائے وقت ہے ۔اب جناب مجبور سے یہ کیا سمجھتے ہیں، مجبور میں یہ لفظ کہاں ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ جائیے اور میرے فلاں دوست کو مجبور کیجیئے کہ وہ میری بات مان جائے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین۔** Please, بات تو سنیں۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** مجبور کے معنی ہیں کہ جبر سے مجبور کریں۔ آپ کی دانش ، آپ کے انصاف پر، آپ کی سوچ پر ہم چھوڑ دیتے ہیں کہ یہاں ایک دفعہ اپیل کا لفظ استعمال کیا تو کیا مجبور کرنا اپیل ہے۔ اپنی سوچ کے مطابق ، علم کے مطابق میں نے عربی کا بتایا۔ جبر کے معنی مجبور کرنا ہے۔

**جناب چیئرمین ۔** پہلے یہ بات کرلیں پھر آپ بعد میں بات کریں ۔ ساجد میر صاحب۔

**جناب ساجد میر۔** مجبور کا مطلب یہ ہے کہ نمائندہ نہیں چاہتا، دلائل کی بنیاد پر یا جس طرح وہ سمجھتا ہو، اس کی بنیاد پر اس کے حق میں ووٹ دینا نہیں چاہتا۔ لیکن چونکہ وہ عوام کا نمائندہ ہے اس لئے عوام اسے کہیں گے کہ تم نہیں چاہتے پھر بھی ہماری نمائندگی کرتے ہو، اس کے حق میں ووٹ دو۔ یہ مجبور کرنا ہے۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** آپ یہ سمجھیں کہ مجبور کے معنی جبر کے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** لیکن خٹک صاحب! اس طرح بھی ہوتا ہے کہ آپ کی خوش اخلاقی نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں آپ کی بات مانوں۔ یہ بھی تو ہوتا ہے۔

(مداخلت)

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب چیئرمین! آپ مجھے اجازت دیجیئے میں عرض کرتا

ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** عرض کیجیئے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** ہم یہاں جو لوگ بیٹھے ہیں، ہم آئے روز الیکشن لڑتے ہیں، الیکشن میں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک ووٹر ہمیں ووٹ نہیں دے رہا اور ہم سمجھتے ہیں کہ فلاں شخص کا اس ووٹر پر اثرورسوخ ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ یہ فلاں شخص کا دوست ہے یا اس کا احترام کرتا ہے، وہ جا کر اسے convince کرتا ہے کہ مجھے ووٹ دینا مناسب ہے، آپ میرے ساتھ چلیئے اور اس کو مجبور کریں کہ وہ مجھے support کرے۔ یہ مجبور کرنا ، سیاسی اور جمہوری طور پر مجبور کرنا دلائل سے ہوتا ہے ، منت سے ہوتا ہے ، ایک دوسرے سے گفتگو سے ہوتا ہے اور یہ ہماری سیاست کا حصہ ہے ۔ اگر اس مجبور لفظ کو آپ نے جبر کی پہاڑیوں پر چڑھا دیا تو پھر تو کسی الیکشن میں کوئی امیدوار الیکشن ہی نہیں لڑ سکتا کہ وہ دوسرے آدمی کو کہے کہ چلیئے جی چل کر ان کو مجبور کیجیئے ، میرے ساتھ مہربانی کریں ، آپ کہیں گے نہیں، تو یہ privilege motion ہو گیا، یہ تو جبر ہو گیا، یہ تو مقدمہ بن جائے گا۔

**جناب چیئرمین۔** خٹک صاحب! پہلے ان کی بات سن لیں پھر آپ اس کی تشریح کر دیں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** عرض یہ ہے کہ یہ چیزیں، یہ الفاظ context میں استعمال ہوتے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** وہ کہہ رہے ہیں کہ لفظ مجبور کا مطلب ہے threat, آپ کہہ رہے ہیں کہ نہیں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** میں کہتا ہوں کہ نہیں۔ یہ context میں لیجیئے۔ ہمارے ملک کی زبان کے طور پر لیجیئے۔ ہمارے جمہوری انتخاب کے حصے کے طور پر لیجیئے۔ اس سے مقصد کہیں بھی جبر کا نہیں ہے۔ اس سے مطلب دلیل کا ، منت کا، بات کرنے کا ، تبادلہ خیالات کرنے کا ہے۔ یہی اس کا مطلب ہے اور اسی context میں استعمال ہوا ہے۔ اگر کہیں ڈکشنری کچھ اور کہتی بھی ہے تو یہ ہمارے ملک میں تو اسی طرح استعمال ہوتا ہے اور اگر غلط العام ہے تو بھی اس کی یہ اہمیت ہے کہ اس کے وہی معنی لئے جائیں جو معنی جمہوری طور پر ہمارے معاشرے

میں لئے جاتے ہیں۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ کہیں بھی ان کے دونوں privilege motions سے انگیخت کا عنصر نہیں آتا۔ کہیں privilege breach کرنے کا مسئلہ نہیں آتا اور اگر ان کی interpretation لی جائے تو پھر تو بحث ، مناظرہ اور دلائل سارے ختم ہو کر رہ جائیں گے اور عوام بھی irrelevant ہوکر رہ جائیں گے کہ ایک دفعہ جو ممبر بن گیا اس کا privilege ہوگیا۔ ان کا privilege ہے اور عوام کا کوئی privilege نہیں ہے کہ ان کی رائے کا احترام کیا جائے۔ رائے عامہ کو یہ کہنا کہ آپ اپنے نمائندوں کو یہ کہیں، یہ ہر لحاظ سے جائز ہے، نہ صرف جائز ہے بلکہ ضروری ہے۔ ایک اور ٹیکنیکل بات میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کسی ایک ہاؤس کا اگر privilege motion ہو دوسرے ہاؤس کے ممبر کے خلاف تو اس کے بارے میں اس وقت تک ہمارا procedure parliamentary matter پر جا رہا ہے، اس میں وہ ہاؤس نہیں لیتا بلکہ وہ اسے بھیج دیتا ہے دوسرے ہاؤس کے پاس۔ تو یہ ہاؤس اس حیثیت سے cognizance بھی نہیں لے سکتا لیکن یہ دوسری طرف بھیجنے کے قابل بھی نہیں ہے۔ اس کے بارے میں ، میں وضاحت سے عرض کر سکتا ہوں۔ یہ جناب

Kaul , Page 267' "complaint against members or officers of the other House". "Neither House of Parliament can claim or exercise any authority over a member of the other House. Consequently neither House can take upon itself to punish any breach of privilege or contempt alleged by a member or officer of the other House".

اور دوسری چیز میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ ہے parliamentary practice by Mukhar Jee. اس کا page ہے ۴۲۶۔ اس میں یہ کہا گیا ہے اور میں اس کے دونوں دلائل دوں گا کہ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ اگر privilege breach ہوتی ہو یا privilege motion بنتا ہو تو اسے دوسرے ہاؤس میں بھیج دیں لیکن چیئرمین یہ بھی دیکھیں گے کہ آیا یہ بنتا بھی ہے کہ نہیں۔ اگر frivolous ہو تو اسے ختم کرنا چاہیے۔

A question was raised in the Lok Sabbah, when a Minister who was a member of the Rajia Sabbah was asked by the Lok Sabbah to explain his conduct. There were some controversies between the two Houses but ultimately no decision was reached. Subsequently the question of the procedure to follow in such cases was

referred to a Joint Committee of the two Houses. The committee prescribed the following procedure:-

"When a question of breach of privilege is raised in any House in which a member, officer or servant of the other House is involved, the Presiding Officer shall refer the case to the Presiding Officer of the other House, unless on hearing the member who raises the question or perusing any document where the complaint is made in documents, he is satisfied that no breach of privilege has been committed or the matter is too trivial to be taken notice of in which case he may disallow the motion for breach of the privilege".

تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس کی اس ہاؤس کو بھیجنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ یہ breach ہے تو پھر آپ اس ہاؤس کو بھیجیں گے۔ لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ جس طرح یہ lay down کیا گیا ہے کہ اگر وہ breach نہیں بنتی، trivial matter ہے تو آپ اس کے بارے میں یہیں فیصلہ کر دیں گے کہ یہ breach of privilege نہیں بنتی اور میں نے عرض کیا کہ یہ breach of privilege نہیں بنتی۔ بحث کرنے کا، عوام کو اپنے نمائندگان سے کسی خاص رائے کی توقع کرنے کا اور رائے عامہ کے احترام کا مسئلہ ہے جس کے بارے میں بات ہوئی ہے۔ کہیں نہ کسی کو انگیخت کیا گیا ہے نہ کسی کے خلاف کوئی threat دی گئی ہے نہ ایسی کوئی اور چیز کی گئی ہے جو breach کے زمرے میں آتی ہو۔ یہ تو وہ ہے کہ آپ کے فرائض کی ادائیگی کے لئے عوام کی رائے بھی ساتھ شامل ہو جائے۔ تو اس حیثیت سے تو یہ آپ کے جمہوری اقدام کے لئے مدد کے طور پر ہے۔ یہ کہیں breach کے طور پر نہیں ۔ تو میں استدعا کروں گا کہ جناب والا! یہ privilege کی breach نہیں بنتی تو اسے اسی حیثیت سے رکھ دیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی خٹک صاحب کچھ فرمانا چاہتے ہیں۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک:** جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ مجھے اس پر افسوس نہیں ہو رہا، یہ بل ہے پاس ہو نہ ہو، یہ الگ مسئلہ ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ مجھے جو صدمہ ہوا ہے،

میں ایک معمولی سا طالب علم ہوں ادب کا اور کچھ تھوڑا بہت پڑھا بھی ہے اور کچھ لوگوں کی اس وقت تک بہت قدر کرتا ہوں، جب ان کی زبانی میرے سننے میں یہ آیا کہ ہم لوگوں کو مجبور کرتے ہیں تو وہ ہوتا ہے قائل کرنا، منوانا، راضی کرنا ۔ یہ میں نہیں سمجھتا کہ اتنے ذمہ دار، قانون دان، معتبر، شریف لوگ، مجبور اور راضی کرنے میں غلطی کر رہے ہوں۔ ایک نکتہ اور ہو سکتا ہے اور ممکن ہے کہ اس کی طرف ان کی توجہ گئی ہو۔ کچھ لوگ معمولی گالی کو گالی نہیں سمجھتے۔ میں اشارہ نہیں کرنا چاہتا، کچھ علاقوں میں کچھ حرکات کو بھی برا نہیں سمجھا جاتا، تو وہ یہ نہ سمجھیں۔ میرا اندازہ ہے کہ شرافت اور تہذیب کا معیار ایک ہے۔ ہر جگہ بری حرکت، بری زبان ، بری سمجھی جاتی ہے اور اشتعال کی زبان استعمال ہوتی ہے۔ ہمارے علاقے میں جہاں یہ تقریر ہوئی ہے اس میں مجبور کے معنی یہی لئے جاتے ہیں، وٹو صاحب کے علاقے میں مجبور کے معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ منت کریں، سماجت کریں، اپیل کریں، میں ان کو کچھ نہیں کہہ سکتا۔ میں بھی اس علاقے کا رہنے والا ہوں، کوئی باہر سے نہیں آیا۔ لیکن افسوس ہوتا ہے ، ان کی بات سے انکار تو نہیں کر سکتا، افسوس مجھے اپنے علم پر ہو گا۔

ہمارے علاقے میں مجبور کے معنی یہی ہیں جس کا اشارہ آپ کو زاہد خان نے کیا، ہمارے لوگوں نے اس کو سنا، اس میں یہی کہا گیا ہے۔ اور اسے بھی چھوڑیں، یہ تمام دنیا، پاکستان بھر کے اخبارات، جن کا portfolio, کون سا لفظ میں اپنے دوست کے لئے استعمال کروں، ذمہ دار، ہوشیار، تجربہ کار کے ہاتھ میں ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ اس کے پاس کیا کچھ نہیں ہے، اس تمام کے باوجود کوئی اخبار ایسا نہیں ہے، میں نے کم از کم آج تک نہیں دیکھا جس میں یہ الفاظ نہ لکھے ہوئے ہوں کہ "علماء اٹھیں اور شریعت کے مخالفوں کی توبہ کرا دیں"۔ یہ اپیل ہے؟ منوانا ہے؟ توبہ کرانے کے کیا معنی ہوتے ہیں---

**جناب چیئرمین:** یہ آپ کس تقریر کا حوالہ دے رہے ہیں؟ اس میں یہ الفاظ نہیں ہیں، یہ جو سوات والی تقریر ہے، وہاں غالباً یہ الفاظ تھے کہ "مجبور کر دیں، پاس کروائیں" ---

**جناب محمد اجمل خان خٹک:** جناب وسیم سجاد صاحب! آپ کی جتنی ہم قدر کر سکتے ہیں وہ ہم نے عملاً گذشتہ دنوں کی ۔

**جناب چیئرمین:** یہ بالکل صحیح بات ہے ۔اس میں کوئی شک نہیں ---

جناب محمد اجمل خان خٹک، اس لئے آپ ہمیں الجھائیں نہیں، الفاظ جہاں بھی ہیں وہ ہم ثابت کر سکتے ہیں، "علماء مخالفین کا ناطقہ بند کر دیں" اس کے معنی آپ کیا لیتے ہیں؟ نواز شریف اور اخبار نوائے وقت، اگر "خبریں" غریب ہوتا" "کوہستان" غریب ہوتا، "صحافت"، "اوصاف"، ہوتا تو ہم سمجھتے کہ انہیں سمجھنے میں کوئی غلطی ہو گئی ہو گی،------ نوائے وقت----نہیں، میں اس طرف نہیں جانا چاہتا ہوں، نہیں، وہ میرا دوست ہے، میں اس کی بہت قدر کرتا ہوں، کون؟ مجید نظامی ---- وہ اپنے آپ کو اس کا سب کچھ سمجھتا ہے، اس نے یہ الفاظ لکھے ہیں کہ "علماء مخالفین کا ناطقہ بند کر دیں، توبہ کرائیں"۔ میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ چلیں یہ سب غلط ہے۔ نواز شریف بھی غلط کہتا ہے، جنگ کا اخبار، جو ہمارا قومی سطح کا اخبار ہے، اس نے بھی یہی لکھا ہے۔ چلیں یہ سب غلط ہے۔ اگر یہ غلط ہے تو اتنے بڑے الزامات، اتنی بڑی انگیخت، اتنی بڑی شرارت کہ وہاں پر ہمیں لڑائے، ہمیں یقین ہے کہ ہمارے علماء، میں نام نہیں لوں گا، جنہوں نے پشاور کے شاہی باغ میں کہا کہ ہم ان کے پاؤں توڑ دیں گے، خدا ان کو زندہ رکھے وہ ہمارے پاؤں پر آ گئے۔ علماء حق ہیں اور میں اس سلسلے میں زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا۔

جناب چیئرمین! اگر یہ غلط ہے، میاں نواز شریف صاحب نے اتنی بڑی شرارت نہ کی ہو، یہ دیکھیں جناب میرے دل میں کیا ہے، اگر اس کے کہنے پر، اس کی کسی اور چیز پر یہ حرکت شروع ہو جاتی ہے، خدا کے لئے وسیم سجاد صاحب، جس علاقے میں جا کر وہ بولتا ہے، جس کو وہ اشتعال دلاتا ہے وہاں کیا کچھ نہیں ہے اور کون کون وہاں نہیں ہے، میں اس کو جتانا نہیں چاہتا۔ بارود کے ڈھیر پر بیٹھے ہیں، وہ ڈھیر اگر اس چنگاری سے بھڑک اٹھا تو پھر کوئی نہیں بچے گا۔ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ اتنی بڑی غلطی اس نے نہیں کی تو اس کو اس میں کیا عار ہے کہ وہ خود کہے کہ مالم جبہ میں اور پشتون علاقے میں، میں نے یہ نہیں کہا جو میرے دوست اخبارات نے لکھا ہے، اس میں کوئی صداقت نہیں۔ اور اگر وہ یہ نہیں کرتا تو لاکھ صفائیاں دیں، اس نے جو زہر گھولا ہے، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اور سب لوگ یاد رکھیں کہ یہ شرارتیں ہم اکثر دیکھتے رہتے ہیں، یہ سارے فقرے، غداری اور اس کے علاوہ سب کچھ، آج خدا کے فضل سے ہم جس مقام پر کھڑے ہیں، اس پر ہمیں فخر ہے۔ تو کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہمیں کسی کا کوئی ڈر نہیں، نہ ڈر ہے نہ خوف ہے، ہمیں پاکستان کی فکر ہے، ملک کی فکر ہے، عوام کی فکر ہے، اس ملک کو خانہ جنگی سے بچانے کی فکر ہے، ایک کرسی کے لئے عوام اور علماء کو لڑائی سے بچانے کی فکر ہے،

ایک امام مسجد اور مقتدیوں کو آپس میں لڑانے سے بچانے کی فکر ہے۔ ایک بڑے خوبصورت ماحول میں، جہاں دنیا بھر سے سیاح آتے ہیں، جو آپ کے پھلوں، گیس، بجلی اور قیمتی پتھروں کا مرکزی علاقہ ہے، خدا کے لئے علماء صاحبان اور ان کے مقتدیوں کو آپس میں نہ لڑائیں۔ یہ بہت ہی خطرناک کھیل ہے۔ میں نہیں کہتا کہ کوئی اس میں کامیاب ہو گا۔ لیکن کوشش ہوئی ہے، اشتعال پیدا ہوا ہے، زاہد خان غلط نہیں کہتا، ہمارے پاس بھی لوگ آتے ہیں کہ ہم کیا کریں؟ وہ تو یہ کہتے ہیں کہ ہم کیا کریں؟ ہم کہتے ہیں کہ ہمیں باچہ خان نے عدم تشدد سکھایا ہے، ہم صبر کریں گے۔ ہمیں ہندو کہا گیا، ہمیں communist کہا گیا، ہمیں غدار کہا گیا، سولی پر چڑھانے تک ہمیں لے کر گیا، ہم نے کچھ نہیں کہا۔ راولپنڈی میں جنہوں نے ہمیں گولیاں ماریں ان کے بچوں کو ہم نے کابل میں جھولیاں دکھائیں۔ ہم اس طرف نہیں بڑھیں گے۔ لیکن آج جو اس ملک کی حالت ہے، آج جو حالت ہے بدامنی کی، یہاں جو اسلحے کی پوزیشن ہے، یہاں جو ہزاروں قسم کے لوگ باہر سے آئے، یہاں آس پاس جو حالت ہے، اس میں جناب چیئرمین صاحب! ایسی باتیں کرنا ایک آدمی کا نہیں وزیر اعظم کا کرنا بہت غلط ہے۔ اور مجھے بہت کچھ معلوم ہے کہ یہ جلسے اور جلوس کون کراتا ہے؟ وہ لوگ غریب کر لیتے ہیں، کرنے کے بعد ہمیں بتا دیتے ہیں کہ کس نے کرایا ہے۔ یہ سب اس سے باز آ جائیں اور وہ باز آئے یا نہ آئے ان کی اپنی مرضی، جو آگ جلاتا ہے، جو کنواں کھودتا ہے، ہمارے رحمٰن بابا کا ایک پشتو شعر ہے اس کا ترجمہ یوں ہے، دوسروں کے راستے میں کنواں مت کھودو، تم ہی نے اس کنویں میں گرنا ہے۔ میں یہ بھی نہیں کہتا کہ خدا اس کو گرائے۔ وہ بھی اس ملک کا شہری ہے، خدا اس کو بھی بچائے۔ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس کی تقریریں بہت خطرناک تھیں۔ اگر اس نے کی ہیں تو اس پر شیروں کی طرح کھڑا رہے، اگر اس کے پاس ایسے لوگ ہیں کہ جھوٹ کو سچ کہہ سکتے ہیں تو ہمیں اس سے خطرہ نہیں ہے، کھڑا رہے۔ ہم بھی دیکھیں گے کہ سچ والے، حق والے علماء حق بھی ہیں۔ یہ بھی دیکھیں کہ یزید بھی ہے لیکن کربلا میں شہید ہونے والے بھی ہیں اور ہر شہید زندہ ہوتا ہے کربلا کے بعد، اسلام زندہ ہوتا ہے، وہ اسلام نہیں جس کی طرف علامہ نے اشارہ کیا ہے، وہ اسلام جو قرآن و سنت میں ہے جس کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چھوڑا تھا۔ اس کا اجتہاد ہے، اجماع ہے، قیاس ہے، اصول ہیں۔ یہ نہیں کہ ایک شخص بیٹھا، اس نے کہا کہ اسلام کو مانتے ہو، کہا ہاں! تو میں صدر بن گیا۔ شریعت مانتے ہو، ہاں، مجھے امیر المومنین مانو۔ ٹھیک ہے، وزیر قانون

صاحب ٹھیک کہتے ہیں، بالکل حق دے دیں جیسے اسمبلی کو حق دیا تھا، ہمیں بھی حق دے دیں اگر اس کے حق میں ووٹ چلا گیا، ہم مان جائیں گے، اگر ہمارے حق میں گیا تو وہ مان جائیں گے لیکن یہ در در پھرنا۔ میں کیا کہوں، میں تقریر اس وقت کروں گا۔ مالم جبہ آج یاد آیا اور کیا یاد آیا، کچھ بھی نہیں، صرف تقریر کی۔ بہرحال پھر کہے دیتا ہوں کہ مجبور کے معنی مجبور ہیں اور کوئی معنی نہیں ہو سکتے۔ اس میں اشتقال ہے، اس میں جبر ہے، جبر کا عنصر ہے۔

**جناب چیئرمین۔** وہ کہتے ہیں کہ ہمارے علاقے میں مجبور کا مطلب ہوتا ہے قائل کرنا۔

(مداخلت)

**جناب اجمل خان خٹک۔** آپ کیا کہتے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** میں کچھ نہیں کہتا۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** اچھا، ٹھیک ہے اور اگر غلط ہے تو بھی دو چیزیں واضح ہیں، زیادہ بحث کی ضرورت نہیں ہے۔ مجبور لفظ کا کیا ہے، اگر کوئی بھی شریف، سمجھدار، محب وطن یہاں بیٹھے ہوئے حضرات کہیں تو میں مان لوں گا۔ کہ مجبور کے معنی کچھ اور ہیں تو میں مان لوں گا۔ میں نے تو مادہ بتایا ہے جبر، جبر سے اس کا مادہ نکلا ہے، آج تک میں نے اسی سال کی عمر تک یہی پڑھا۔ بہرحال دوسری بات یہ ہے کہ اگر اخبارات نے جھوٹ کہا ہے، تمام اخبارات نے تو نواز شریف اس کی تردید خود کرے ورنہ اس تمام کا ذمہ دار وہ ہے اور اس ذمہ داری سے نہیں بچ سکتا۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب چیئرمین۔

**جناب چیئرمین۔** جی فرمائیے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** میں آپ کی خدمت میں ایک تو یہ عرض کروں گا۔

**جناب چیئرمین۔** ایک منٹ، ان کی بات سن لیں No point of order at this stage.

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** ۔ جناب Press کے رپورٹرز نے وہاں reporting کی ہے۔ کوئی لفظ کن معنی میں استعمال ہوتا ہے، کس context میں استعمال ہوتا ہے، کس طریقے

سے استعمال ہوتا ہے، اس سے اس کے معنی بدل سکتے ہیں۔ میں عرض کرونگا کہ وہی reporting جو اس سلسلے میں ہے چند اخبارات کی، میں آپ کی خدمت میں آپ کی اجازت سے دو اخبارات کی پیش کرتا ہوں۔ پہلے ہے "ڈان" اور مینگورہ کی اسی کے بارے میں خبر ہے۔

"Prime Minister Nawaz Sharif has said that just with the support of the people his Government will be able to get the 15th Amendment passed through the Senate even though his party did not enjoy majority in the Upper House".

اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں

جناب چیئرمین: یہ کس تاریخ کا اخبار ہے؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو: یہ "ڈان" ہے پانچ نومبر کا۔

جناب چیئرمین: ان کے دلائل ہیں، سننے پڑتے ہیں۔ This is his argument, why are you worried about it. جس طرح آپ نے دلائل دیئے ہیں یہ ان کے دلائل ہیں۔ جی رضا ربانی صاحب۔

Mian Raza Rabbani: That what the honourable Minister says out it is not in the inverted commas, it is moderation, it is narration.

جناب چیئرمین: میں دیکھ لوں گا inverted commas میں کیا ہے۔ ابھی دیکھ لوں گا، دونوں دیکھ لوں گا۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: اردو میں بھی inverted commas نہیں ہیں۔ اور یہ "ڈان" تھا۔ جناب! یہ ہے "دی نیشن"، اس میں ہے----

جناب چیئرمین: یہ بھی پانچ نومبر کا ہے؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جی، یہ بھی پانچ نومبر کا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ کیا کہتے ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: اس میں ہے جناب۔

"He said that they successfully got the 15th Amendment passed from the National

Assembly and though they have no majority in the Senate, with the cooperation of masses they would succeed in getting the bill sail through the Senate".

تو یہ آپ ساری دیکھ لیں، total panel of the whole statement, کہیں بھی یہ لفظ نہیں ہے کہیں انگیخت کا مسئلہ پیدا نہیں ہوتا ہے۔ تو اگر اس طریقے سے ہم کسی لفظ کو یا کسی context کو یا کسی sentence کو معنی دینا چاہیں جو اس میں نہیں ہیتو میں یہ سمجھتا ہوں کہ کسی طریقے سے جائز نہیں ہے۔ کہیں کسی قسم کا کوئی ایسا مسئلہ ہی نہیں ہے جس میں privilegebreach ہو یا excite کا معاملہ ہو یا ـــــ

**جناب چیئرمین:** ایک منٹ ، باری باری بات ہوگی۔ آپ بیٹھیں، آپ کو میں موقع دوں گا۔

**میاں محمد یسین خان وٹو:** جناب، اگر آپ یہ ساری رپورٹنگ دیکھ لیں تو اس بات سے یہ ساری چیز ظاہر ہوتی ہے کہ وزیراعظم یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ آپ یہاں بیٹھے ہیں، قومی اسمبلی میں بعض دفعہ ایک پارٹی کی اکثریت ہوتی ہے تو آپ کہتے ہیکہ نہیں، عوام اب حکومت کے ساتھ نہیں ہیں، وہ عوام میں جائے اور انتخاب دوبارہ ہوں، اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ جو ممبر بیٹھے ہیں ان کے اختیارات ختم ہوگئے۔ لیکن رائے عامہ کا احترام ہوتا ہے ۔ کیونکہ آخری جو عدالت ہے سیاست میں، وہ عوام کی عدالت ہے اور وزیراعظم نے اسی عدالت سے اپیل کی ہے۔ انہوں نے کسی اور سے کچھ بھی نہیں کہا۔ انہوں نے یہ کہا ہے اور انہوں نے آپ کے مقام کو بھی تسلیم کیا ہے کہ وہ آپ سے کہیں کہ آپ یہ بل پاس کروائیں، ہمارے پاس یہ اکثریت نہیں ہے ہمیں دوسرے ممبرصاحبان کی رائے اور تعاون کی ضرورت ہے۔ انہوں نے یہ بات کی ہے۔ جتنے اخبارات ہیں، دیکھ لیں۔ رپورٹر نے اگر ایک بار بھی مجبور کا لفظ استعمال کیا ہے تو وہ quotation میں نہیں ہے۔ یہاں جو الفاظ ہیں، جو ساری چیز کا مقصد ہے جناب! وہ آپ کے سامنے ہے کہ وزیراعظم رائے عامہ کو اپیل کر رہے ہیں کہ آپ سینٹ کے ممبران کو کہیں کہ وہ اس بل کو پاس کریں اور یہ کسی صورت میں privilege کی breach نہیں ہے بلکہ یہ جمہوریت کی روح ہے اور اس debate کو اس مناظرے کو ہمیں آگے بڑھانا چاہیے تا کہ ہم اچھی روایات قائم کریں۔

**جناب چیئرمین:** اجمل دہلوی صاحب نے ابھی بات نہیں کی ، باقی بات کر چکے ہیں۔

اجمل دہلوی صاحب نے نہیں کی ۔ ان کی بات سن لیں پھر آپ بولیں۔ جی یہ بات ختم ہو گئی ، شریعت بل پر بات کریں۔ جب آئے گا۔ اجمل دہلوی صاحب ۔

**جناب محمد اجمل دہلوی**، شکریہ جناب چیئرمین ! ابھی وزیر محترم نے یہ جتانے کی کوشش کی ہے ایوان کو کہ وزیراعظم کے جو الفاظ تھے وہ بڑے معصومانہ تھے اور ان سے کوئی اشتعال نہیں پھیلا۔ اسی ایوان میں MQM کے پارلیمانی لیڈر نے یہ بتایا کہ انہیں قتل کی دھمکیاں ملی ہیں ۔ اخبارات میں مسلسل وزیراعظم کے بیانات کے بعد یہ باتیں چھپ رہی ہیں کہ شریعت بل کی مخالفت کرنے والے سینیٹروں کی ٹانگیں توڑ دی جائیں گی۔ جو لوگ یہ بیان دے رہے ہیں۔ انہیں غیب سے کہا گیا ہے کہ آپ ایسے بیانات دیں ۔ انہیں کس نے اکسایا اور اگر یہ بیانات نواز شریف صاحب کے بیان کا نتیجہ نہیں ہیں تو ان کے بیانات کا نوٹس حکومت نے کیوں نہیں لیا کہ آپ سینیٹروں کی ٹانگیں توڑنے کا جو اعلان کر رہے ہیں اس پر آپ کے خلاف فوجداری مقدمہ کیوں نہ قائم کیا جائے ۔ حکومت ان بیانات کو خاموشی سے سن رہی ہے۔ کوئی فوجداری مقدمہ نہیں ، کسی کو ڈانٹ ڈپٹ نہیں ۔ اور بیان جو اس وقت ایوان میں زیر بحث ہیں وہ پرانے ہیں، ان کا تسلسل جاری ہے ۔ آج یہ کہا گیا کہ سینٹ indirect elections کے ذریعے وجود میں آیا ہے، اسے شریعت بل میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے ۔ سوال یہ ہے کہ کیا صدر اور وزیر اعظم indirect elections کے ذریعے نہیں آئے ۔ اگر سینٹ indirect elections کے ذریعے آیا ہے اور اسے حق نہیں ہے تو وزیر اعظم بھی indirect آئے ہیں ، صدر بھی indirect آئے ہیں ۔ اور میں آپ کے علم میں یہ بات لا رہا ہوں کہ یہاں ساتھیوں نے یہ کہا کہ دھمکیاں ملی ہیں ، سرکاری بنچز والے believe نہیں کر رہے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ شریعت بل سے انکار پر ایم کیو ایم کے خلاف اپریشن شروع ہوا۔ ماورائے عدالت قتل ہوئے، زیر حراست افراد مارے گئے ۔ چار سو لوگ گرفتار ہوئے ، کراچی کا ہر شخص پنجاب یا دوسرے صوبوں میں جا رہا ہے ، آج اس کے ساتھ جو سلوک حکومت کر رہی ہے وہ بنگالیوں جیسا ہے ۔ آپ کہتے ہیں ہم جمہوریت کا احترام کرتے ہیں، آپ نے سندھ میں جمہوریت کو قتل کیا ہے، گورنر راج کو مسلط کیا ہے۔

**جناب چیئرمین**۔ گورنر راج پر بحث ہو رہی ہو تو اس وقت اس پر بات کریں ۔ اس وقت تو محدود سا سوال ہے ۔

جناب محمد اجمل دہلوی۔ وہی تو بتا رہا ہوں کہ شریعت بل کی مخالفت کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ عوام کا mandate چھینا گیا اور یہ عمل مار دھاڑ، دہشت گردی اندرون سندھ اور کراچی میں شروع ہو چکی ہے۔

جناب چیئرمین۔ اس پر تو بحث ہو رہی ہے۔

جناب محمد اجمل دہلوی۔ یہ بات آج قبائلی علاقوں تک پہنچ چکی ہے۔ یہ لوگ جو آپ کو بتا رہے ہیں کہ اس بیان میں کیا کہا گیا، تسلسل سے کیا کہا جا رہا ہے، اس کے بھیانک نتائج کیا نکلیں گے تو یہ نظر آتا ہے کہ جو سلوک مشرقی پاکستان میں کیا گیا وہ اب یہاں شروع ہوا ہے اور یہ ملک توڑنے کی ایک سازش ہے جس کی نشاندہی اعتزاز احسن چھ نکات کے حوالے سے کر چکے ہیں۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ اعتزاز احسن۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ "مجبوری" کے لفظ پر جو انہوں نے کہا ہے کہ ان کے علاقے میں "مجبوری" کے معنی یہ ہوتے ہیں، اس سے مجھے یہ بات یاد آئی۔ بات یہ ہے کہ ان کے علاقے کا ایک صاحب گھر ذرا لیٹ پہنچا، بیوی نے پوچھا کہ کدھر رہ گئے تھے۔" اس آکھیا ول میں گیا نا اتھے چوہدریاں دی مج بدھی آئی، اس تے میں رسہ پایا اوہ مجبوراً میرے مگر ٹر پئی۔ میں ٹریا پیا آنداسی، کھوجی مگر لگ گیا، اس مج لبھ لئی۔ مج پھڑی گئی، تھانے لے گئے، تھانے لے گئے تے مینوں لتر پئے، تے میں مجبوراً تھانیدار نوں ڈھیلی دتی، تے مجبوراً تھانیدار نے ڈھیلی لے کے مینوں چھڈ دتا، ایہہ ہے جی انہاں دی مجبوری"۔

جناب چیئرمین۔ رضا ربانی صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ بلیدی صاحب! جو بات آپ کہنا چاہتے ہیں کسی اور موقع پر کہہ لیں۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ مجھے آج ہی اسی موضوع پر بات کرنی ہے۔

جناب چیئرمین۔ رضا ربانی صاحب کی بات سن لیں پھر آپ کی بات سنتے ہیں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, two or three little points. Sir, No.1, is that...

جناب چیئرمین، اب مصیبت یہ ہے کہ میں مجبور نہیں کر سکتا۔ جی رضا صاحب۔

Mian Raza Rabbani: Sir, the first quote in the privilege motion that has been given and which has not been contradicted, is the use of the word that you will"force" them to pass this Bill and I am not going into any legal dictionary or any such thing. When you are taking the privilege motion into account, I would just ask you to go through the meaning of the word "force" in the Concise Oxford dictionary.

Mr. Chairman: But I would like to say that though the word that has been spoken in urdu.

کیونکہ انگریزی تو translation ہوتی ہے ۔ اب "مجبور" کا لفظ ہے، تو وہ انہوں نے انگریزی میں
"force" کیا ہوا ہے۔ میری عرض یہ ہے let us say, supposing ایک لفظ استعمال ہوا ہے "مجبور"
، انگریزی میں اس کو translate کرتے ہیں "force" تو دونوں کا مطلب علیحدہ ہو گا۔

میاں رضا ربانی، ٹھیک ہے جناب۔ چلیں میں آپ سے گزارش یہ کرتا ہوں کہ آپ
پھر بھی اس لفظ کو دیکھیں "force" کا جو مطلب ہے وہ ہے ، "strength, path, violence,
intense effort, military strength" and it goes on. ٹھیک ہے جناب ۔ اچھا چلیں آگے اب
آپ نے فرمایا کہ آپ اردو میں دیکھیں۔ تو اس سے جو نتیجہ لوگوں نے اخذ کیا وہ کیا ہے۔میں
آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ 9 نومبر کا "جنگ" اخبار جو کہ اردو کا اخبار ہے، یہ انگریزی میں
نہیں ہے۔ یہ وہ بات میں نہیں کر رہا ہوں، وٹو صاحب! آپ بات سن لیں، آپ 9 نومبر کے
"جنگ" کاایڈیٹوریل پڑھ لیں، "14 ویں آئینی ترمیم کو سڑکوں پر نہ لایا جائے" اور اس کے اندر پوری
بحث کی ہے۔جنگ کے ایڈیٹوریل نے جو ان کی اردو کی تقریر تھی جس پر rely honourable
Minister نے بھی کیا، دوسری اردو quotations پر آپ بھی rely کر رہے ہیں، اس سے ایک
اردو اخبار کے مدیر نے کیا نتیجہ اخذ کیا؟ اس نے اپنے اس 9 تاریخ کے "جنگ" کراچی کے
ایڈیٹوریل کے اندر جو لکھا ہے وہ اس پوری بحث کا لب لباب ہے جو ہم نے اٹھایا ہے کہ انہوں

ایڈیٹوریل کے اندر جو لکھا ہے وہ اس پوری بحث کا لب لباب ہے جو ہم نے اٹھایا ہے کہ انہوں نے جو بات ان دو تقاریر میں کی، ان کا مقصد کیا تھا؟ وہ یہ ہے، یہ میں آپ کو یہاں پر دیتا ہوں۔

Mr. Chairman: On the legal side

جو انہوں نے پوائنٹ اٹھایا اس کے بارے میں آپ کیا کہیں گے؟

میاں رضا ربانی، جناب! دوسری بات میں آپ سے یہ بھی گزارش کروں گا کہ آپ Section 505 (c) دیکھ لیں PPC اور اس کے ingredients کو اور جو وزیر اعظم کی تقریر ہے میں اس کو اگر آپ دیکھیں گے تو they are one and the same and which is with intent to incite or which is likely to incite any class or community of persons to commit any offence against any other class or community. جناب! میں نے جب privilege motion move کی تھی اس وقت بھی میں نے یہ بات عرض کی تھی۔ جہاں تک وٹو صاحب نے "Kaul" کو quote کیا، "May's" کو quote کیا، مکھرجی کو quote کیا، بالکل یہ ایک practice ہے کہ اگر contempt allege کیا جائے کہ کسی اور ہاؤس کے ممبر نے کیا ہے تو پھر it is referred to that House and it is upto that House to refer it to the Committee and that takes it up. But here you will kindly bear in mind to rules and in the rules you will kindly bear in mind the definition. The Prime Minister is not like an ordinary minister who comes to the House, he is the leader of the House and therefore, he can not take refuge under this that I belong to the other House and therefore, if there is a breach of privilege which is committed of this House then I am to be dealt with on the same plane as any other member of the National Assembly, he is the Leader of this House and being the Leader of this House, being the person who conducts the business of the Government in this House, he is liable ...

*(interruption)*

Mian Raza Rabbani: Prime Minister is the Leader of the House and

in his absence, he nominates the person to act as the Leader of the House, that is what the position of Raja Zafarul Haq is , if you kindly look at the definition that what it is, you know it very well. So, as far as that is concerned, I would restrict myself to that point.

**جناب چیئرمین۔** راجہ اورنگ زیب صاحب۔

**راجہ اورنگ زیب۔** جناب والا! میں بہت ہی مختصر بات کروں گا لفظ مجبور کے متعلق۔ انہوں نے کچھ translation کی ، کسی نے کچھ definition کی ۔ جناب والا! میں اس لفظ مجبور کو ایسے سمجھتا ہوں کہ یہ ایسا لفظ ہے جو خلوص ، محبت کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے اور اس کی مثال میں یوں دے سکتا ہوں کہ جناب شیخ رشید صاحب ، جو میرے سامنے تشریف فرما ہیں ، مجھے ان کی محبت ، ان کے پیار اور ان کے چمکتے ہوئے چہرے نے مجبور کر دیا ہے کہ میں ان کے سر کا بوسہ لوں۔

جناب والا! مجبور کا مطلب یہ نہیں کہ کسی کو force کیا جائے اور اس سے وہ کام لیا جائے ، مجبور کا مطلب محبت بھی ہے، خلوص بھی ہے اور اس میں انسانیت بھی ہے۔ میں اسی لفظ پر ختم کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔** جناب چیئرمین ! میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ مجھے کچھ وقت عنایت فرما رہے ہیں۔ جناب چیئرمین ! ہمارے موجودہ وزیر اعظم تیرھویں ، چودھویں ترمیم کے بعد جس انداز سے اداروں پر حملہ کر رہے ہیں، جس انداز سے اداروں کی توہین کر رہے ہیں ، جناب! کوئی حد ہوتی ہے ۔ کیا یہ ملک اداروں کے ذریعے چل رہا ہے یا یہاں شخصی حکومت ہے یا شخصی ملک ہے ، یہ ایک فرد کا ملک ہے یا یہ چودہ کروڑ عوام کا ملک ہے ۔ یہ مذاق ہے اس ملک کے ساتھ۔

جناب چیئرمین ! آپ خود اندازہ کریں کہ یہ federating units کا ایوان ہے اور وہ اس کو ایسے سمجھ رہے ہیں کہ یہ کوئی کباڑ خانہ ہے ، کیا ہم ردی کے لوگ ہیں ۔

جناب چیئرمین ! یہ بات وہ کئی بار کہہ چکے ہیں کہ سینٹ indirect ہے ، کبھی کہتے ہیں

کہ اس کی ضرورت نہیں ہے، کبھی فرماتے ہیں کہ جناب ان کو مجبور کرو۔ یہ ملک federating unit ہے اور یہ واحدانی طرز حکومت نہیں ہے اور جو اس ایوان کو کباڑ خانہ سمجھتا ہے وہ خود کباڑ خانہ ہو جائے گا۔ یہ ایوان کسی کا محتاج نہیں ہے۔ کوئی بھی federation ایوان بالا کے علاوہ بے معنی ہے اور اگر وزیر اعظم سمجھتے ہیں کہ ان کو ایک جھوٹا مینڈیٹ دے دیا گیا، میں کہتا ہوں کہ یہ جھوٹا مینڈیٹ ہے، یہ غلط مینڈیٹ ہے، لیڈری مینڈیٹ ہے اور اس کے زور پر وہ ہمیں رعب دیتے ہیں ۔ اب وہ کبھی عوام کو، کبھی کسی کو باہر نکلنے کو کہتے ہیں۔ کیا ہم سیاست دان نہیں ہیں۔ وہ عوام کی بات کرتے ہیں۔ چلیں بسم اللہ، چلیں عوام کے پاس۔ عوام کا فیصلہ لیتے ہیں۔ عوام کا فیصلہ یہ نہیں ہے کہ آپ شریعت بل کے نام پر تمام سیاسی کارکنوں کو دھمکی دیں، ایوان بالا کو دھمکی دیں۔ شریعت کے کیا معنی ہیں؟ شریعت کا صرف اس ایک شخص کو احساس ہے؟ کیا صرف ایک شخص اس ملک میں شریعت چاہتا ہے؟ چند مولوی آپ نے ساتھ لے لئے ہیں۔ کیا شریعت اس طرح آئے گی؟ یہ چودہ کروڑ عوام اور اس کے منتخب کردہ اداروں کی توہین ہے۔ ملک کے وزیر اعظم کو اسطرح نہیں کرنا چاہیے۔ یہ ایک ایوان ہے ۔ اور کوئی بھی نظام، کوئی بھی جمہوری معاشرہ، کوئی بھی جمہوری کلچر بغیر ایوانوں کے نہیں چلتا ہے۔ سپریم کورٹ پر حملے کے بعد اب یہ آمرانہ نظام نظر آ رہا ہے۔ میں حیران ہوتا ہوں ۔ یہ جاگیردار بھی نہیں ہے۔ سنا ہے جاگیرداروں کا رویہ آمرانہ ہوتا ہے۔ سرمایہ دار کا رویہ تو اصولی ہونا چاہیے، جمہوری ہونا چاہیے۔ تو جناب والا! آپ کے توسط سے ایک بات treasury benches کو عرض کریں گے کہ جناب والا! خدا کے لئے اپنی پارٹی کو سنبھالو۔ پارٹی کے اندر جمہوریت لاؤ۔ آپ لوگ کیا کرتے ہیں۔ جب وزیراعظم سارے ملک کو دھمکی دے رہا ہے۔ آپ کس لئے بیٹھے ہیں؟ آپ کی اتنی بڑی پارلیمانی پارٹی ہے۔ اس پارلیمانی پارٹی کا فرض ہے کہ وہ اپنے لیڈر کو سمجھائے کہ اداروں کی توہین نہ کرے۔ اس سے ایک خطرناک رجحان ملک کے اندر جنم لے گا۔ اس آگ میں سب جھلس جائیں گے۔ کوئی بھی اس سے نہیں بچے گا۔ ادارے ہوں گے، جمہوریت ہو گی، جمہوری کلچر ہو گا تو ان کی رونق ہو گی۔ اگر جمہوریت نہیں ہو گی، جمہوری ادارے نہیں ہوں گے تو کسی کی یہاں حکمرانی نہیں ہو گی۔ یہ آمرانہ طرز حکومت نہیں چلے گا۔ نہیں چلے گا۔ نہیں چلے گا۔ ہم جمہوری لوگ ہیں، جمہوری اداروں کا احترام کرتے ہیں اور جمہوری انداز سے حکومت چلاتے ہیں۔ کسی کی بالادستی قبول نہیں کریں گے۔ کوئی شخصی حکومت نہیں چلے گی، نہیں چلے گی، نہیں چلے گی۔

جناب چیئرمین، جناب بلیدی صاحب۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب! مجھے بہت افسوس ہے اور شکر ہے اللہ تعالیٰ کا کہ یہاں کوئی foreigner نہیں ہے۔ کوئی گورا ہماری کارروائی نہیں دیکھ رہا۔ اگر یورپ کا کوئی بندہ یہاں موجود ہوتا تو وہ ہمیں اپنی ڈائری میں پاگل نوٹ کر کے چلا جاتا کہ یہ سینٹ نہیں ہے، ایوان بالا نہیں ہے، یہ مچھلی مارکیٹ ہے۔ تین چار گھنٹے سے میں یہاں تقاریر سن رہا ہوں۔ آپ سے بھی میں request کرتا ہوں کہ خدارا! اس کو control کریں۔ ہر ایک میں سننے کا مادہ ہونا چاہیئے۔ ہر ایک میں صبر ہونا چاہیئے۔ اگر اس طرف سے کوئی بولتا ہے تو وہ سنیں۔ اگر اس طرف سے کوئی بولتا ہے تو اس طرف سے صبرو تحمل سے سننا چاہیئے۔ میں حیران ہوں کہ ایک بندہ دو گھنٹے تقریر کرتا ہے۔ جب دوسرا اُٹھتا ہے تو کہتے ہیں کہ بھئی آپ بس کریں۔ میں اس لئے کہتا ہوں کہ خدا را! یہ ایوان بالا ہے۔ پوری قوم ہمیں دیکھ رہی ہے۔ یہ کارروائی پوری قوم سن رہی ہے اور ہم اس طریقے سے بات کر رہے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ ایک استحقاق کا مسئلہ یہاں پیش ہوا۔ اس کے اندر اسلام کو اس طریقے سے استعمال کیا گیا۔ علما کو اس طریقے سے استعمال کیا گیا۔ خواہ مخواہ کسی کے جذبات کو ٹھیس پہنچانا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اگر نواز شریف نے اسلامی بل پاس کرنا تھا تو یہ اس وقت لے آتا جب اس طرف بیٹھے ہوئے ممبران ہاں ہاں کر کے بل پاس کر دیتے تھے۔ ہر قسم کے بل یہ لوگ پاس کر دیتے تھے۔ دیکھیں! میں نہیں سمجھتا کہ اس وقت نواز شریف کو یاد نہیں تھا۔ وہ اس وقت یہ بل کیوں لائے۔ جب یہ لوگ اسطرف سے یہاں آ گئے ہیں بدقسمتی سے۔ جب یہ لوگ حکومت کی بنچوں پر بیٹھے ہوئے تھے اس وقت انہیں یاد نہیں تھا کہ اسوقت ملک کا کیا حال ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ ہم سارے لٹیرے ہیں۔ ہم سارے چور ہیں۔ پچاس سال سے دونوں پارٹیوں نے پاکستان کو لوٹا ہے۔ اس کا کباڑا کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین، آپ نے ایک لمبی تقریر شروع کر دی۔ سوال تو privilege motion کا ہے۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، ہمیں اپنے ماضی کو دیکھنا چاہیے کہ ہم نے اس ملک کے لئے کیا کیا ہے۔ لہذا ہمیں چاہیے کہ اس بل کو ایوان میں آنے دیں۔ ابھی تک تو آیا نہیں ہے۔ پہلے سے ہی ہم ایک دوسرے کے گریبان پکڑ رہے ہیں۔ ایک دوسرے کو XXXXX اور

---

*(***Expunged by orders of the Chairman.)*

ناشائستہ الفاظ کہہ رہے ہیں تو یہ سینٹ کی روایت کے خلاف ہے۔ لہٰذا میں آپ سے بھی کہتا ہوں کہ خدارا! ان کو کنٹرول کریں، کہ ہمارا مذاق اڑاتے ہیں یہ لوگ۔

**جناب چیئرمین:** ٹھیک ہے یہ بہت اچھی تجویز ہے۔ آفتاب شیخ صاحب۔

**جناب آفتاب احمد شیخ :** جناب چیئرمین! لفظ "مجبور" پر بڑا play ہوا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ a man of common prudence جس کی average understanding ہو----

**جناب چیئرمین:** آپ کبھی محبت میں مجبور نہیں ہوئے۔

**جناب آفتاب احمد شیخ :** میری بات تو سنیں جناب کہ common prudence کے آدمی کی بات ہے جس میں تھوڑی بہت عقل و فہم ہو، وہ ordinary meaning کیا لے رہا ہے۔ میاں نواز شریف صاحب نے تقریر کی اردو میں، انگریزی میں نہیں کی تھی۔ جب اسے انگریزی میں چھاپا گیا تو اس میں لکھا گیا .force ہر شخص اپنے حساب سے معنی لے رہا ہے۔ اور آخر میں جو ہم تک بات آئی ہے وہ یہ ہے کہ دھمکیاں ہیں، ووٹ دو ورنہ تمہارا حساب کتاب کریں گے۔ تو یہ مجبور کا معنی جو آپ یہاں بیٹھ کے لے رہے ہیں اس ہاؤس میں----

**جناب چیئرمین:** نہیں میں تو کوئی نہیں لے رہا۔ میں تو دونوں کی بات سن رہا ہوں۔ آپ کی ایک interpretation ہے، ادھر دوسری ہے، مجھے دیکھنا ہے کہ کیا کرنا ہے۔

**جناب آفتاب احمد شیخ :** جناب! یہاں اس ماحول میں بیٹھ کے، جہاں سب لوگ آرام سے بیٹھے بات چیت کر رہے ہیں اور اپنے اپنے مافی الضمیر کو بیان کر رہے ہیں اور ہم لفظ کی interpretation کر رہے ہیں، بالکل different بات ہے۔

عوام میں اگر آپ جائیں تو میاں نواز شریف نے یہ بات کہی ہے اسی اردو والے اخبار کی بات کر رہا ہوں، انہوں نے کہا کہ شریعت بل سینٹ سے منظور کرانا عوام کی بھی ذمہ داری ہے۔ یہ الفاظ ہیں۔ اور آخیر میں انہوں نے یہ کہا کہ مجبور کریں آپ اپنے لوگوں کو۔ اب مجبوری پیار محبت سے بھی ہوتی ہے اور مجبوری جوتے مار کے بھی ہوتی ہے اور گولی مار کے بھی ہوتی ہے۔ اور بات سنیں، بات سوات میں کی گئی ہے جہاں ہر تیسرے مہینے پتا چلتا ہے کہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہیں اور شریعت پر جھگڑا چل رہا ہے۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ مجبور کریں کا صرف ایک ہی معنی نکلتا ہے کہ پٹائی کرو جو ووٹ نہیں دے رہا ہے۔

سید اقبال حیدر : جناب! میری ایک تجویز ہے کہ جب آپ Privilege Motion پر اپنا فیصلہ دیں، گو کہ ہمیں آپ سے کسی favourable فیصلہ کی توقع نہیں ہے لیکن ہم آپ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ آپ اپنے فیصلے میں نہ صرف چار نومبر کے اخبارات کا تذکرہ کریں ، بلکہ اس کے بعد ، کیونکہ قانون میں subsequent events can be taken into consideration۔

جناب چیئرمین : میری بھی ایک request ہے کہ you should be respectful which I expect from senior lawyer like you.

سید اقبال حیدر : جناب ! جملہ مکمل کر لوں ۔ Sir, no disrespect was meant, I apologise, if you taken it in that sense.

جناب چیئرمین: آپ کہتے ہیں کہ آپ سے توقع نہیں ہے۔

Syed Iqbal Haider : No sir, mutual respect is must, on this there is no two opinion about it and I concede to that. My point is that all the newspapers, the statements of the Prime Minister in last five , six or seven days should be starting from his speech in the "Ulemas Convention", on first September. It should be taken into consideration, including the last statement of yesterday that Prime Minsiter has said that the Senate has no right to block the passage of the Shariat Bill when the same has been cleared by the National Assembly. These constitute a clear violation of the breach of the privilege as well as of the Constitution.

جناب چیئرمین: اعتزاز صاحب۔

چوہدری اعتزاز احسن : میں صرف مجبوری اور محبت پر عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ایک تو وٹو صاحب کے علاقے سے میں نے عرض کیا تھا کہ بھینس مجبوراً محبت میں چل رہی تھی۔ غالب کی زبان میں بھی یہ ملتا ہے۔ وہ مثال یہ ہے کہ ایک صاحب کا پورے پہاڑ جیسے پتھر کے نیچے کا

ہاتھ آیا ہوا ہے ۔ یہ مجبوری ہے۔ ہے مجبوری گلے میں پھندا'

مجبوری کو دعوئ گرفتاری الفت　　　　دست تہ سنگ آمد پیمانہ وفا ہے

جناب چیئرمین۔ وہ بھی تو ایک ہے ۔ یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے ۔وہ---- something

چوہدری اعتزاز احسن۔ناحق ہم مجبوروں پر تہمت ہے مختاری کی۔

جناب چیئرمین۔یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے۔ اس کا پہلا مصرعہ کیا ہے ۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار

یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے۔

جناب عالی! مجبور، میر میں بھی آیا ہے ۔

ناحق ہم مجبوروں پر تہمت ہے مختاری کی

کہتے ہیں سو آپ کہیں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

**Mr. Chairman:** So, on this we conclude this debate.

جناب جہانگیر بدر۔ جناب! اس ہاؤس کا کافی وقت اس interpretation پر ضائع ہوا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ ضائع ہوا ہے ۔

جناب جہانگیر بدر ۔ جی ضائع ہوا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ جناب! یہ نہ سمجھیں میں سمجھتا ہوں کہ ضائع ہوا ہے ۔ میری تجویز سن لیں ۔ اس ہاؤس کا کافی وقت ضائع ہوا ہے ۔ایک interpretation کے لئے لفظ "مجبور" پر دونوں جانب سے ۔ میاں صاحب نے اپنی interpretation پیش کی ہے۔ ہماری جانب سے اپنی interpretations آئی ہیں۔تو میرا اس پر خیال ہے کہ interpretation پر تو اختلاف کسی شخص کے لئے اس وقت ہوتا ہے جب وہ دنیا سے رخصت ہو چکا ہو ، ابھی میاں نواز شریف زندہ ہیں۔انہیں یہاں پر لایا جائے ۔انہی سے پوچھ لیا جائے ۔ ان کی کیا interpretation ہے۔ یہ میری تجویز ہے۔

**Mr. Chairman:** OK. So, that concludes this debate. The ruling is reserved. جناب ڈوگی صاحب! آپ فرمائیں، آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

میر نبی بخش ڈومکی، بل پیش کرنا ہے۔

**Mr. M. Zafar** : Sir, on the agenda for today, Mr. Chairman, thank you very much for giving me the floor.

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** اگلے day پر یہ آجائے۔

**جناب چیئرمین۔** جی فرمائیے۔ کیا کہنا چاہ رہے ہیں۔

**Mr. M. Zafar:** Thank you very much. The first number on the agenda..

**جناب چیئرمین۔** نہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ اس کو اگلے دن پر لے جائیں۔

**Mr. M. Zafar:** No, sir, this is a very important point. Next time we do not know.

**جناب چیئرمین۔** اس طرح کر لیتے ہیں کہ آج اس کو move کر لیں۔ پھر ان کو موقع اگلی دفعہ دے دیتے ہیں۔ او۔کے۔ آج move کرلیں۔ آپ اپنی بات کرلیں۔ explain کر دیں کہ یہ ہے کیا؛ What is this about?

**Mr. M. Zafar:** Sir, the first thing is that I have to seek the leave and now sir, ....

*(interruption)*

**جناب چیئرمین۔** Leave کا طریقہ یہ ہوگا کہ آپ پہلے بتائیں کہ کیا ہے۔ پھر میں ان کو سنوں گا پھر ہاؤس کو put کروں گا۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب چیئرمین! میں استدعا کروں گا کہ ۱۰ بج گئے ہیں۔ اب جب اگلا پرائیویٹ ممبر ڈے آئے تو اسے پہلے نمبر پر رکھ لیں۔

**جناب چیئرمین۔** کیوں ظفر صاحب! what is your opinion?

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب ۴۰ آرٹیکل ہیں۔ پہلے نمبر پر رکھ لیں۔

**جناب چیئرمین۔** چلیں ان کو شروع کر لینے دیں۔ پھر آگے چلے جاتے ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اس دن ہی شروع کر لیں، اسی دن جواب آ جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ کیوں جی ظفر صاحب؟

جناب ایم۔ ظفر۔ نہیں جناب۔

I seek the leave to introduce the Bill and I will give you the salient features of this before I go to that, I beg to move for the leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan (The Constitution (16th Amendment), Bill, 1998.

جناب چیئرمین۔ظفر صاحب! آپ نے پیش تو کر دیا لیکن سب کا خیال ہے کہ یہ لمبی بات ہے ۔اس پر کیوں نہ ایک اچھے موقع پر، مناسب موقع پر detail سے بحث کریں۔ اعتزاز صاحب! آپ کا کیا خیال ہے ۔What is your opinion?

چوہدری اعتزاز احسن۔ آج تو ایک privilege motion پر بڑی بحث ہوئی ہے ۔ یہ بل کافی اہم ہے۔ اس میں پوری provincial autonomy کے سسٹم کو تبدیل کرنے کی بات ہے، کسی کی رائے اس کے بارے میں ایک ہو یا دوسری ہو، کسی کو اتفاق ہو یا اختلاف ہو، یہ بل ایسا نہیں کہ ظفر صاحب! آپ اس کو end of the day دو تین منٹ میں پیش کریں۔ یہاں پر بہت سارے لوگوں کے views ہونے ہیں۔ اس کو seriously لینے کے لئے یہ آئندہ ہی کریں۔

جناب چیئرمین۔ کیوں جناب خدائے نور صاحب! آپ کی کیا تجویز ہے ۔

Mr. M. Zafar: Sir, let it be referred to the Committee.

جناب خدائے نور۔ بات یہ ہے کہ کیا اس بل کو گورنمنٹ اپوز کر رہی ہے یا نہیں؟ اگر وہ نہیں کر رہی ہے تو اس میں کوئی ایسی بات تو ہے نہیں ، آپ leave grant کر سکتے ہیں۔ بحث و مباحثے کے لئے تو واپس آئے گا۔

Mr. M. Zafar: Then let it go to the Committee, sir.

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ ہماری پارٹی بھی اس پر بات کرنا چاہتی ہے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، جو پہلا سٹیج ہے۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ جب اس پر بات ہو گی۔ ہم leave مانگیں گے۔

جناب ایم۔ ظفر۔ نہیں، leave تو ہو گئی۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، اس میں بات یہ ہے۔۔۔۔۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ جناب! عرض یہ ہے کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کے بارے میں تقریباً چالیس آرٹیکلز ہیں جن کو انہوں نے touch کیا ہے ۔ اور یہ مسئلہ بڑا اہم مسئلہ ہے ۔ اس کے بارے میں admissibility سے پہلے بھی بحث ہونا ضروری ہے ۔ اس کے لئے وقت ہونا چاہیے ۔ اس سے ان کو اپنی بات explain کرنے کا موقع ملے گا ۔ باقی ممبر صاحبان کی بھی اپنی اپنی رائے ہوگی ۔ چونکہ ہم ایک متفقہ طور پر پاس کئے ہوئے آئین کے بارے میں بات کر رہے ہیں اور ان settled مسائل کو دوبارہ اگر اس بل کے ذریعے reopen کرنا ہے تو اس پر پوری بات ہونی چاہیے ۔ اب جناب اسوقت دس بج چکے ہیں ۔ اس وقت اتنا وقت نہیں ہے کہ اس سے پورا انصاف ہو سکے ۔ Next rota day پر اس پر بحث ہو جائے۔

(مداخلت)

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ نہیں جی ۔۔۔

جناب چیئرمین۔ یہ تو پرائیویٹ ممبر بل ہے ۔ کل کی تو ان کی تجویز ہے ۔

(مداخلت)

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ کل شام کر لیتے ہیں۔

سید اقبال حیدر۔ کل ویسے ان کی یہ مجبوری ہے۔ دس بج چکے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ دس بج چکے ہیں ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔ اگلے پرائیویٹ ممبر ڈے پر پہلے نمبر پر رکھ لیں۔

جناب چیئرمین۔ خدائے نور صاحب! وہ کہہ رہے ہیں کہ یہ بڑا اہم بل ہے ۔ بجائے

اس کے کہ اس پر اب بحث کی جائے کر لی جائے کیونکہ وقت کم ہے۔ دس بج چکے ہیں تو مجبوری ہوگئی ہے۔

**جناب ایم ۔ ظفر۔** جناب! اسے کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

**جناب خدائے نور ۔** جناب چیئرمین! ہر روز کوئی نہ کوئی نیا مسئلہ آتا ہے۔ ----

**جناب چیئرمین۔** پھر اس طرح کرتے ہیں کہ move ایک قسم کا ہوگیا ہے ۔ اس کو اب ہم next time پہلے نمبر پر لیں گے ۔ یعنی معاملہ introduce ہوگیا ہے ۔ ٹھیک ہے ۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین۔** چلیں آئٹم نمبر ۴ آپ بھی move کر دیں۔

**Syed Iqbal Haider:** Sir, I beg to move for leave to introduce a bill to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951, [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 1998].

**جناب چیئرمین۔** اس کو بھی اسی طرح لیں گے ۔ پہلے ان کا آئے گا اور پھر یہ آئے گا۔ پہلے نمبر پر خدائے نور صاحب کا۔ تو کل ۵ بجے بعد دوپہر in the evening. So adjourned to 5.00 p.m tomorrow.

---

*[The House was then adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Wednesday, November 11, 1998.]*

---